# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Saturday, September 18, 2004*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at ten minutes past eleven in the morning with Mr. Chairman (Mr.Mohammedmian Soomro) in the Chair.

----------------------

*Recitation from the Holy Quran*

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

واذکرو انعمۃ اللہ علیکم و میثاقہ الذی و اثقکم بہ اذ قلتم سمعنا و اطعنا و اتقوا اللہ ان اللہ علیم بذات الصدور۔ یا یھا الذین امنوا کو نوا قومین للہ شھدآ بالقسط و لا یجرمنکم شنان قوم علی الا تعد لوا اعد لوا ھو اقرب للتقوی و اتقوا اللہ ان اللہ خبیر بما تعملون وعد اللہ الذینامنوا و عملوا الصلحت لھم مغفرۃ و اجر عظیم۔

(ترجمہ) اور خدا نے جو تم پر احسان کیے ہیں ان کو یاد کرو اور اس عہد کو بھی جس کا تم سے قول لیا تھا (یعنی) جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے (خدا کا حکم) سن لیا اور قبول کیا اور خدا سے ڈرو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا دلوں کی

باتوں (تک) سے واقف ہے۔ اے ایمان والو! خدا کے لیے انصاف کی گواہی دینے کے لیے کھڑے ہو جایا کرو اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیز گاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے۔

(سورۃ المائدہ، آیات ۷ تا ۹)

جناب چیئرمین، جزاک اللہ۔ جی!

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, it is very unfortunate that today the House was summoned to meet at ten and we are assembling now at eleven fifteen and for one hour and fifteen minutes the House has been held hostage by the ruling coalition. If they were to have their Parliamentary meeting they should have called it for 9.O' clock so that by ten, quarter past ten, maximum ten thirty the House could have convented. But the fact that the House has been held hostage by the ruling coalition is something, the House can not be held hostage by them.

Mr. Chairman: We should coordinate matter.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: I think we are not taking any point of order for the moment.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ کیوں نہیں لیتے۔

جناب چیئرمین، میری مرضی۔

It is the rule, it is the discretion of the Chairman, we have to go on the agenda, once we are through with daily business then we will come around to it.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میں یہ کہہ رہا تھا کہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ وزیراعظم -----

جناب چیئرمین، صفدر! میں نے ابھی آپ کو اجازت نہیں دی ہے،

let us go on with the business.

(مداخلت)

جناب چیئرمین، کیا violation ہوئی ہے -

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ بات سن لیں - جناب! کل میں نے یہاں پر کھڑے ہو کر کہا کہ آپ میری بات سنیں لیکن آپ نے تھوڑا سا اجتناب کیا ----

جناب چیئرمین، نہیں، آپ نے کل جو کہنا تھا کہہ دیا-

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ نے اجتناب برتا - پھر میں نے زبردستی جو کہنا تھا کہہ دیا- وہ تو زبردستی اپنے آپ کو آپ پرٹھونسا - اب میں اپنے آپ کو آپ پرٹھونسنا نہیں چاہتا -میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے خود دومنٹ دے دیں -

جناب چیئرمین، نہیں جب وقت ہو گا تو میں آپ کو دوں گا-

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ دو منٹ relax ہو کر میری بات سن لیں -

جناب چیئرمین، نہیں میں relax ہوں، دو منٹ کیوں میں تین گھنٹے relax ہوں-

آپ فکر نہ کریں - But I think we have whole agenda before us, let us go on that.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! میری عرض تو سنیں -

جناب چیئرمین، عرض سنیں گے تو سارا وقت اسی میں چلا جائے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، یہ ایجنڈا بھی اپنی جگہ ہے۔ میں نے کل درخواست کی تھی--

جناب چیئرمین، جی۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور)، جناب والا! بات یہ ہے کہ---------

Senator Wasim Sajjad: Sir, when we are through sir, I think when we are through with the legislative agenda...

*(Interruption)*

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میں یہ عرض کر رہا ہوں۔ وزیراعظم صاحب بیٹھے ہیں کل میں نے ان ہی کے لئے demand کی تھی کہ وہ یہاں آئیں اور اپنی position explain کریں۔ اگر وہ اس بات کے لئے تیار ہیں تو میں بیٹھ جاتا ہوں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، کل کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ کل، کل تھا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، آپ نے کل کہا کہ violation ہو رہی ہے۔ مجھے یہ بتائیے کیا violation ہے۔ کوئی نئی چیز ہوئی ہے؟ جو چیز پہلے تھی وہی چل رہی ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! عرض یہ ہے کہ اب ایک باوردی صدر کو اس بات پر incite کیا جا رہا ہے کہ وہ exist کرے۔ جو Constitutional arrangement ہے میں اس کے بھی خلاف ہوں۔ لیکن وزیراعظم صاحب incite کر رہے ہیں President of Pakistan کو یا Chief of Army Staff کو کہ---------

(مداخلت)

جناب چیئرمین، عباسی صاحب! بیٹھیے ابھی تشریف رکھیں۔ میں ابھی اجازت نہیں دیتا۔ جی وسیم صاحب۔

Senator Wasim Sajjad(Leader of the House): Sir, with your permission I would like to move under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the requirement of Rule 38 regarding the question hour be dispensed with.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Raza Sahib, what is the change in the Constitution ?

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, let the Prime Minister..........

Mr. Chairman: We are proceeding. The proceedings of the House are also constitutional matter, there are systems that have to be had here too. At the moment we feel under the rules and procedure with their empowerness, let us get disposed of the business of the House

اس کے بعد اگر وقت ہوا تو we will look it.

(مداخلت)

Mr. Chairman: You move.

Senator Wasim Sajjad(Leader of the House): Sir, I move under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the requirement of the Rule 38 regarding the question hour be dispensed with.

Mr. Chairman: It has been moved that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the requirement of the Rule 38 of the said Rules be dispensed with.

*(The Motion was adopted)*

*(Interruption)*

Mr. Chairman: For what?

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, what is the government's position viz-a-viz Article 63-(1) (d). We want a statement from the Prime Minister.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Please be seated. We have an agenda. I will read the leave applications.

Senator Wasim Sajjad(Leader of the House): Sir, I would like to draw the attention of the honourable Members to the oath which has been taken by them which says they will abide by the Rules of the Assembly and the basic requirement of the Rules isthat the ruling of the Chair have ........

*(Interruption)*

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Chairman: The motion is carried. I will read out the leave applications.

پروفیسر ساجد میر صاحب ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے گزشتہ پندرہویں اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے اس لئے انہوں نے گزشتہ مکمل اجلاس کے لئے اور ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ 17 ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

(اس مرحلے پر اپوزیشن نے واک آؤٹ کیا)

جناب چیئرمین، جناب شجاع الملک ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے حالیہ مکمل اجلاس

کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کرتے ہیں۔ کیا رخصت منظور ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، پروفیسر خورشید احمد ملک سے باہر ہیں اس لئے انہوں نے مورخہ 15 تا 17 ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، جناب مشاہد حسین سید بعض ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 15 ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، سید دلاور عباس بعض ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 17 تا 20 ستمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

(اس مرحلے پر اپوزیشن واپس آ گئی)

جناب چیئرمین، ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر کراچی میں تھے لہذا 15 تا 17 ستمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔

Mr. Chairman: We may take up item No. 2, the legislative business.

THE EXPORT CONTROL ON GOODS, TECHNOLOGIES, MATERIAL AND EQUIPMENT RELATED TO NUCLEAR AND BIOLOGICAL WEAPONS AND THEIR DELIVERY SYSTEMS BILL, 2004

Mr. Khurshid Mahmood Kasuri (Federal Minister for Foreign Affairs: I beg to move that ther Bill to provide for export

control on goods, technologies, material and equipment related to nuclear and biological weapons and their delivery systems "[The Export Control on Goods, Technologies, Material and Equipment related to Nuclear and Biological Weapons and their Delivery Systems Bill, 2004], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

جناب یہ جو قانون ہے اس کا---

(مداخلت)

جناب چیئرمین، سن لیں، ذرا سن لیں۔

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, he has to explain the purpose of the Bill and then you can make a speech.

جناب چیئرمین، ان کو کرنا ہے ابھی۔

Mr. Khurshid Mahmood Kasuri: Sir, the purpose of the Bill is very clear under international obligations including resolution 1540 of the United Nations Security Council, countries are supposed to bring their legislation in conformity with the requirment of the resolution. Also sir, that Pakistan is a responsible nuclear power but unfortunately there are a lot of people who take cut short at us for ulterior reasons, now which they don't need to provide them with the opportunity. Pakistan is always abided by all its International commitments. We take our commitments very seriously on non-proliferation. Today sir, there is rising concern about weapons, nuclear, biological and chemical falling into non-State act or even irresponsible State's act and Pakistan therefore, has decided to bring its legislation in conformity with that of some other

signatories to chemical weapons convention and legal infrastructure to prevent leakage under that and we did have some laws on exports of nuclear and other material but we needed a comprehensive legislation and furthermore sir, the General Assembly ofthe United Nations is meeting now, there will be meeting of various committees including committee on disarmament. Now we want to make sure that the International Community realizes that Pakistan is abiding by all its obligations. Under the law sir, what will happen is that this will be drawn up in consultation with the concerned Ministries and sir, even this particular piece of legislation has come in after two years of inter-ministerial meetings between the Ministry of Foreign Affairs, the Ministry of Commerce, the Ministry of Defence, Customs and other concerned departments and all over the world, the Ministry of Foreign Affairs has taken a lead role in this because it concerns our obligations with two other countries as well as to the United Nations. So, when this list is drawn up sir, what will happen is that the exporters will not be able to export that particular item without permission from the Federal Government. They will get that permission and sir, there will be another advantage of this. Our normal commercial exports could suffer if we did not have legislation of this type because country can start discriminating and say well, you have a container coming and it says textile goods but you don't have a comprehensive legislation, so, we will take much longer to inspect your goods. So, sir, from every point of view, this is a highly desirable piece of legislation. Thank you sir.

Mr. Chairman: We will take a limited number of speakers and we restrict speeches to the....

Senator Mian Raza Rabbani: This is a general discussion, every Member has a right to speak.

Mr. Chairman: The time limit can be fixed and we will see how much time is available. So, we will take the first four speakers to begin with and we can go on....

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! اگر وہ دیر سے آئے ہیں تو اس میں ہمارا قصور تو نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، اس سے کوئی زیادہ فرق نہیں پڑتا۔ وقت ہے but we need to make it productive utilization of the time. Would you like to start Mr. Rabbani.

Senator Mian Raza Rabbani: Yes sir.

Mr. Chairman: OK and we have fixed maximum five minutes for each speaker.

Senator Mian Raza Rabbani: In five minutes, you cannot..

جناب چیئرمین، دیکھیں ناں آپ بولیں گے ------

(مداخلت)

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! اگر آپ نے اس طرح کرنا ہے تو ہم لوگ جاکر باہر بیٹھ جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین، Provisions پر آپ بات کریں اور آپ کیا بات کریں گے۔

This has already referred to a Standing Committee.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! آپ اس طرح legislation bulldoze تو نہ کریں۔

میرا مطلب یہ ہے کہ everybody will not be allowed to speak. Five minutes, you willspeak.

Mr. Chairman: I mean 'quality'. What I am sure the desire of all of us.

Senator Dr. Safdar Ali Abbasi: Sir, everybody, you see....

جناب چیئرمین: اچھا بولیں۔ شروع تو کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! بات یہ ہے کہ آپ please legislation کو نئے meanings نہ دیں۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ آپ ہر ممبر کو وقت دیں۔ جو بندہ irrelevant ہو آپ اس کو کہیں کہ you are irrelevant. جب تک آپ اس کو بولنے کی اجازت نہیں دیں گے تو ہم legislation میں کیا part play کریں گے۔

جناب چیئرمین، آپ شروع تو کریں ناں۔ We will see what the quality and what the contents are then we will go on.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ شروع کرنے ہی نہیں دے رہے۔

جناب چیئرمین: میں نے رضا ربانی کو بولنے کے لئے کہا ہے تو آپ نے ہی مداخلت کی ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: نہیں جناب! آپ قدغن نہ لگائیں۔

جناب چیئرمین، آپ مجھے میرا فنکشن کرنے دیں۔ آپ میرا فنکشن نہ کریں۔ رضا صاحب! شروع کریں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! آپ قدغن لگا رہے ہیں۔ Then nobody will speak.

جناب چیئرمین، نہیں بھائی مجھے وقت تو مقرر کرنا ہی ہے۔ We don't have an open in these things یہ تو ہمیشہ ہوتا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ ٹائم fix نہ کریں۔ Let us start.

Mr. Chairman: Do we not fix time for speaker. It is always done

سینیٹر میاں رضا ربانی، Time اس طرح fix نہیں ہوتا کہ آپ کہہ دیں کہ جی آپ دو منٹ بولیں گے، اس کے علاوہ بات نہیں کرنے دیں گے۔ It was not spirit of the understanding that we had with Wasim Sajjad yesterday.

Mr. Chairman: How much time does the everybody want?

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: آپ کو قانون دکھا دیتا ہوں کہ legislation میں کوئی time کی پابندی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: رضا ربانی صاحب! آپ شروع کریں۔ شروع کریں، let's not consume time and go ahead.

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, I am grateful to you that you have finally given me time to speak on this legislation which has been bulldozed through the National Assembly and has now been brought to the Senate. But at the off'set I would like to state that as a Pakistani I take very strong exception to the fact that Pakistan during this period in time has lost its territorial sovereignty and that we witnessed when the Information Minister said that we did not carry out the bombings in WANA then the United States would have done it. It is also a matter of deep concern that Pakistan has lost its economic sovereignty

at the hands of the IMF and the World Bank and today Pakistan's Economic Policies are subject matter of the conditionalities of the IMF and World Bank and that we are following their dictate. It is also a matter of a great concern to an ordinary Pakistani that Pakistan has also lost its political sovereignty and when I talk about loosing our political sovereignty, I talk about the dictation that is given to Pakistan in terms of legislation. You would recall sir, that during the last Session, I had moved Call Attention Notice in which I was drawing the attention of the Ministry of Water and Power to the statement of the World Bank whereby they had called for fresh legislation on the water issue. I amalso ashamed that the under Secretary of State of the United States comes to Pakistan, holds a Press conference and laysdown on the dotted line that new lawson money laundering, that new laws on proprietory rights must be passed by Pakistan. And I say this sir, because then when I look at the history of this Bill, I find that there is similar dictation in the history of this Bill. Sir, this Bill basically stems from the desire of the United States and the I. A. E. A that the Foreign Officehas decided to bring this Bill about. The origin of this Bill sir, can be traced to the17th of March, 2004, visit of Collin Powell to Islamabad, it was the State Department on the 7th of March, 2004 while spelling out the priorities of the visit of Collin Powell, it said and I will quote as reported in the national press, "the USeffort to introduce International non-proliferation standards in Pakistan will be top on his agenda when Secretary of State Collin Powell arrives in Islamabad on March 17th, on a two days official visit" and

remarks released on Saturday, the Departments spokesman Mr. Adam said, Mr. Powell would review the nuclear issue with Pakistan. And then it goes on, as to what would be his priorities over here. Sir, as a back lash to this statement, the spokesman of the Foreign Office on the 12th of March, laid the conditionality and that conditionality was that if Pakistan is recognized as a nuclear power State then we would be ready to signthe NPT, the question that I oppose today is that Pakistan has been recognized as a nuclear power State. Then why is Pakistan making this concession in bringing about this Act, this is No.1.

Sir, No.2, is the question of the haste in the passage of the Bill, the Bill was bulldozed in the National Assembly, the Bill has been kept on Saturday in the Senate of Pakistan until a very short while ago, you were restricting the members to only five minutes to ensure that the Bill gets through today. The haste in the passage of this Bill sir, is No.1, that General Musharraf leaves for the United States and the UN and therefore, they want him to take this Bill as a present for the United States and the UN, to say that look, I have been able to bulldoze this Bill through my Parliament. Sir, this Bill is also linked to the visit of the US under Secretary of State who was here and who unabashedly laid down the future legislative agenda for the National Assembly and the Senate of Pakistan, by saying that these are the bills that you have to pass. So, have we still not lost our political sovereignty? Now coming to the Bill sir, "The National Command Authority which is concerned essentially with the question of proliferation and the nuclear issue falls under, if my

information is correct, falls under the Presidency. And therefore, my first objection is it does not fall within the ambit of the Ministry of Foreign Affairs to move this Bill.

Sir, the second point that I would like to make is that if you look at the Preamble to the Bill, in the Preamble to the Bill it nowhere talks, if you look at the Preamble of the Bill sir, the Preamble of the Bill at no stage talks about the resolve to protect Pakistan's nuclear assets. In fact, what we have is an apology, where we talk about national security and foreign policy objectives to be fulfilled, we make no mention whatsoever of the protection of Pakistan's nuclear assets and then sir, if you go through the Bill in its entirety you would not find that the question of contraband has been addressed in it at all. Now sir, I would move on to be a little more specific and perhaps I have not been able to understand and perhaps the honourable Leader of the House can make me understand, I would like to draw through you sir, his attention, to Section 3, para (a) of sub Section (1), now this deals with the applicability of the Bill and it says "Every citizen of Pakistan or a person in the service of Pakistan within and beyond Pakistan or any Pakistani visiting or working abroad." now these are the various categories to which this Bill is going to be applicable. We all know sir, that the nuclear programme is mainly under the control of the Armed Forces and then we come back to this section and we see that where we are talking about the service of Pakistan, Article 260 of the Constitution contemplates that the service of Pakistan includes the persons in the service of the Armed Forces of Pakistan. But

on the other hand the Army Act says, "That persons serving in the Armed Forces would be subject to the Army Act". So, what I fail to understand is that does this mean that the personnel of the Armed Forces who are affiliated with the nuclear programme would be out of the purview of this Act. Sir, then I would take you to paragraph (b) of this Act. Paragraph (b) of this Act says, "Any Foreign National while in the territories of Pakistan", now sir, here I fail to understand that if there is a Foreign National who commits an illegal act under this Act, is he going to remain in Pakistan for the authorities to come and nab him? Obviously he is going to commit the act and he is going abroad or if he has a contact abroad then is going to be abroad, that means that virtually all foreigners have been kept out of the ambit of this Act and that it is exclusively or essentially for Pakistani's and Pakistani's alone. Why could not this Act talk about its extention? Why could not this act talk about bringing those foreigners back.

Sir, and then I would take you to Section 3, in Section 3 of this Act you have paragraph (C) which says "Establish a government authority to administer exports control established under this Act". So you have an authority being established. Paragraph (e) says, "Establish an oversight Board to monitor the implementation of this Act". Would this not be a duplication? When you have anauthority already in place for the purposes of establishing control under this Act. Then what is the intent and purpose of an oversight code.

Finally, sir, my question is that will those employees of the KRL

who were subjected to investigation fall within the purview of this Act because, sir, you would recall that on the 5th of February, 2004, General Musharraf granted a pardon to Dr. Qadeer. It is also a reported fact and it was stated on the floor of this House at that time and it was not contravened by the Government of Pakistan that on the 6th of February, Collin Powel spoke to General Musharraf over the telephone. On the 7th of February, the Foreign Office Spokesman said that the pardon, that has been granted, is conditional. On the 9th of February, 2004 the Foreign Office went further and the Foreign Office said that any new offence that may be proven, would not be covered by the ambit of the pardon thathas been given. So, given the track record of this Government, one is constrainedto think and then the FIR in that matter is not a matter of public property that FIR has been sealed and given the track record of this Government, one is apprehensive that whether this would fall or whether their Acts would be made tofall within the purview of this Act. Thank you, sir.

جناب چیئرمین، مولانا گل نصیب خان۔

سینیٹر مولانا گل نصیب خان، شکریہ۔ جناب چیئرمین! اس وقت ایک انتہائی اہم مسئلے پر ایوان میں بحث ہو رہی ہے اور ہم ملک کے مستقبل کے بارے میں اور آئندہ حالات کے بارے میں آج ایک فیصلہ کرنے والے ہیں۔ دنیا کی تاریخ میں کسی قوم نے بھی علم کے خلاف پابندی نہیں لگائی ہے اور علم کی دو قسمیں ہیں، ایک وحی ہے جو انسانیت کی راہنمائی کے لیے اور صراط مستقیم دکھانے کے لیے ہے وہ وحی کے علوم کہلاتے ہیں اور ایک وہ علوم ہیں جو مادی زندگی میں انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے Science اور Technology کے علوم دنیا

میں پھیلائے جاتے ہیں۔ آج تک دنیا کی کسی قوم نے، کسی ملک نے علم کے خلاف پابندی نہیں لگائی ہے اور اس Bill میں Atomic Technology کے حوالے سے یہ پابندی لگائی جا رہی ہے کہ اس کو کسی ملک کو منتقل نہ کیا جائے۔ یہ بات اپنی جگہ ٹھیک ہے کہ عالمی حالات کیا ہیں اور ہمیں عالمی حالات کو دیکھتے ہوئے کیسے چلنا چاہیے لیکن اگر عالمی حالات سے ہماری مذہبی روایات، ہمارے قومی تشخص، ہماری قومی خودمختاری پر آنچ آتی ہے تو عالمی دنیا کو اس بات سے آگاہ کرتے رہیں گے کہ جناب والا! ایسے قومی تشخص کو مجروح کرنے والے قوانین ہم نہیں لا سکتے ہیں۔

جناب والا! اس بات کو ہم اس نظر سے دیکھتے ہیں کہ عالمی دنیا ایسے قوانین ہم سے pass کرا رہی ہے جس سے امت مسلمہ مفلوج ہو کر رہ جائے۔ آج ایران کے بارے میں دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ عالمی سامراج امریکہ اور ان کے حواریوں کے ذریعے سے ایران کو مفلوج کیا جا رہا ہے کہ وہ ایٹمی ہتھیار نہ بنائے اور ایٹمی ٹیکنالوجی منتقل نہ کرے لیکن اسی سمت میں اسرائیل کو آزادی ہے۔ ان کو ایٹمی ہتھیار بنانے کی اجازت ہے۔ ایٹمی ٹیکنالوجی منتقل کرنے کی اس پر پابندی نہیں ہے اور اسی وجہ سے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ہم امت مسلمہ کو ایٹمی ٹیکنالوجی منتقل نہ کر سکیں تو پھر امت کا وجود ہی ختم ہو گیا۔

ہم اس بات پر حیران ہیں کہ پوری دنیا کے مسلمان ایک ہی جسم کی مانند ہیں۔ اگر ایک جگہ تکلیف ہے تو پوری امت مشکل میں مبتلا ہوگی۔ آج ہم پر یہ پابندی لگانا یا ایسے قوانین پاس کرانا جس سے ہم امت مسلمہ سے کٹ جائیں، یہ مناسب نہیں ۔ پھر یہ بھی کہ دنیا کی وہ جوہری قوتیں جو اسی قسم کے قوانین کی پابند نہیں ہیں تو ہمیں کیوں پابند بنایا جا رہا ہے ۔

لہٰذا ملکی حالات، بین الاقوامی دنیا اور امت مسلمہ کا تحفظ اس میں ہے کہ اس بل کو نہ پاس کیا جائے۔ جزاک اللہ۔

Mr. Chairman: Mr. Raza Muhammad Raza.

Mr. Sanaullah Baloch. بعد میں کریں گے؟

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ: فاروق صاحب کو کر لینے دیں۔

Mr. Chairman: Mr. Farooq Naik.

سینیٹر مولانا سمیع الحق، جناب چیئرمین صاحب! مجھے بھی موقع دے دیں۔

جناب چیئرمین، اچھا جی۔

Senator Farooq Hamid Naik: Thank you for giving me an opportunity to speak on this important piece of legislation which has been placed before this House.

At the outset, I concur with the views of Mr. Raza Rabbani and I do not want to repeat them. This Bill has been placed before this House on the dictates of the foreign powers. The Bill was not referred to the Standing Committee of Law and Parliamentary Affairs for a detailed analysis of the Bill and the laws which are needed and the amendments in the laws which are needed and need of the hour are not being considered and this Bill for which there was no rush and necessity has been passed by the National Assembly and placed before this House.

At the outset I will be coming to the Bill. There are so many defects in the Bill and I would like to point out those defects and I would request that the necessary amendments may kindly be made. I draw, Mr. Chairman, your attention to Section 3 first of all of this Bill. Section 3 reads as such, for the purposes of this Act, the Authority rests with the Federal Government and the Federal Government as and when necessary may make such rules and regulations as are necessary for the implementation of this Act. (b) Delegate authority to administer all activities under this Act to such ministries, divisions, departments and

agencies as it may deem appropriate.

Now, the delegating authority is one of the Ministries, divisions, departments and agencies which has not been named. My view is that there should be specific name of the concerned department or ministry which is responsible for the implementation of this Bill or the Act when it becomes an Act. Now in the same breadth if we read (c), (b) and (e), it says the establish of government authority to administer export control, establish under this Act and (d) says, designate the agency or agencies authorise to enforce this Act, (e) says establish and oversee board to monitor and the implementation of this Act.

Now it is a complete confusion in sub-Section, (b), (c), (d) and (e). Thereis no need for having an oversight board, a designated agency, a government authority and a ministry. I think this would create confusion in the Law, in the future and in the implementation of the Law. We have got to bring harmonize (b), (c), (d) and (e) in a manner because when we interpret a statute, it has to be interpretted in a manner and it has to be read as a whole and there is got to be a harmony in it but if we read this sub-Section (b), (c), (d) and (e) with a complete chaos and as a result of which when the implementation would have to be done, there will be so many agencies and departments that would be involved that it would become very difficult and then what would happen is, after one month another bill would be placed before this House for the amendment of this Act.

Now, sir, if we come to this, my contention is fortified by

sub-Section (2) of this Bill. It says officials of the designated agency or agencies are authorized to inspect consignments declared for export. Now, there is an Oversight Board, there is a designated agency, there is a Government Authority and there are Ministries, again it has to be harmonized in a manner that the designated agency has to be named and Oversight Board or the Government Authority or the Ministries have to be deleted over here so that there should not be any confusion in the interpretation of the Law and this is again, if you read Section 4, it says that Federal Government shall maintain Control Lists. If the Federal Government is maintaining the Control List, what is the necessity of all these Boards and Agencies. So the Federal Government has got to delegate the authority to a particular department or an agency or a board, whatever it is, so that there is a complete harmony in the interpretation of Section 3 of the Bill. Thisis my submission with regard to Section 3 and 4 of the Bill. Now, sir, if we come to Section 4, sub-Section (5), I think there is a misprint, it is 'noting', it should be 'nothing'. It should not be 'noting', I think "h" is missing and this Act is totally silent and I would request that this should be added over here. Now, he talks about the export and all those things. What happens if a theft takes place, if a theft takes place and there is a violation of the Act. The Bill is totally silent. What would happen? No. 1, if the theft takes place. No. 2, who would be responsible ultimately for the theft taking place? And, No. 3, what penalty has to be prescribed for the persons who are responsible for committing the theft of the nuclear goods. Now, if we come to Section 7, the Section

7 of the Bill reads as under:

"Any person who contravenes any provision, or attempts to commit or abets the commission of an offence, under this Act or any Order, rules and regulations framed thereunder shall be tried by a Court of Session," it should be "sessions" not "session". may I submit the word is "sessions" and not "session".

**Mr. Chairman:** Two minutes left please.

**Senator Farooq Hamid Naik:** Please do not stope me because I am interpreting and analyzing the Law for the benefit of the nation.

**Mr.Chairman:** There has to be a time limit.

**Senator Farooq Hamid Naik:** There is got to be a time limit but there is a limit, if I am irrelevant, you can stop me but please do not stop me if I am relevant.

In Section 7, the word, it is not "session", it is "sessions". The word is "sessions judge" and not a "session judge" and then we come further My Lord, if the word which has been used is 'Order', "under this Act or any Order", the authority is only got the power to frame rules and regulations and not an order. Order is passed by the president. Order is issued by the Presidential Order. So, this word 'Order' has to be deleted because an Act is passed by the Parliament. Order is passed by a President. Order is issued by the Presidential Order. So, thisword 'order' has to be deleted because an act which is passed by the Parliament, itis over and above every order or an ordinance which is issued by the

President under Constitutional powers. So, I would request for the deletion of the word 'order' over here.

Now it says that it would be tried by a court of sessions upon a complaint made in writing by an officer of the Federal Government authorizing in this behalf by the Federal Government. Now again, there is a confusion. We talk about the oversight board, we talk about the designated agencies; we talk about the departments and now the complainant is an officer of the Federal Government. Again, it has to be specified who is the officer of the Federal Government who would become the complainant, No.1.

Sir, this is like a quasi criminal legislation. It is silent whether the Code of Criminal Procedure would be applicable or not and what would be the procedure that would be adopted by the sessions judge in the trial of the case. The Bill is totally silent as to that also.

Next thing the Bill requires is: It says who would be the concerned sessions judge, the Bill is silent whether the sessions judge under whose jurisdiction is committed or under whose jurisdiction, the alleged violator or the accused is residing or carrying on business, that has to be specified to give jurisdiction to the session judge, where either the offence is committed or where the accused is residing or carrying on business and it has to be specified which provisions of law, the contraventions of which provisions of law would make an offence triable by the court of sessions. The Bill is totally silent as to that also. And the word 'order' has to be deleted from Section 7.

Now sir, if we come to Section 8, again. Section 8 has got the word 'order'or any order, this word 'order' has to be deleted to harmonize the Act as a Bill as such otherwise, there would be a complete chaos and confusion. If we come to sub-section (3) of Section 8; in case the offence is not serious for criminal proceedings, administrative actions which may be determined from time to time shall be taken against the individuals contravening any provision of this Act. Sir, this is a complete fraud with the legislation. This sub-section is being added to protect the Army officials. How can an offence under this Bill which is going to become not serious. It has got to be serious. This is the reason that this Bill has been placed and it is being passed by the Parliament of this country. So, sub-section (3) has got to be deleted otherwise it would give powers to certain individuals to protect certain individuals and which would definitely give a very bad name to the country. So, I would suggest that sub-section (3) is totally not in harmony with sub-section (1) of Section 8 because it is diluting or taking a way what has been mentioned in sub section (1) of Section 8.

Mr. Chairman: Please conclude now. How much time do you need, Naik Sahib.

Senator Farooq Hamid Naik: 2-3 minutes, sir.

Mr. Chairman: Then finish it in two minutes.

سینیٹر فاروق حامد نائیک، منسٹر صاحبان نے گھر جانا ہے میں کیا کروں۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں، کسی اور کے لئے بھی کچھ چھوڑیں۔

Senator Farooq Hamid Naik: Right sir. Now there is no non-obstante clause over here. Now whether this Act over-rides other laws or not. This is a special legislation and a special Act overrides the general law of the country. So, there has got to be a non-obstante clause that notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force, this Act overrides all otherlaws. This is to be added to make it forceful, effective and within the ambit of law. So I would suggest that because Section 11, it only says the provisions of this Act shall be in addition to and not in derrogation of any law, rules, orders or notifications for the time being in force. No. This is a special legislation and it has got to be a non-obstante clause. If the non-obstante clause is not there then the very purpose of enforcing this Act would be diluted and taken away.

In the light of these observations that I have made, my humble submission is that this act. this bill may be considered properly, it should be sent to a select committee and reworded totally so that they should not become a laughing stock in the world because this Act would be quoted everywhere in the international arena. So, certain provisions and certain amendments have got to bemade very thoughtfully, very carefully and which would enhance the prestige of this country. That's all. Thank you sir for giving me the time.

جناب چیئرمین: جی مولانا سمیع الحق۔ جی آپ۔

Senator Wasim. Sajjad. Sir, certain typographical errors which

Senator Wasim Sajjad(Leader of the House): Sir, certain typographical errors which can be corrected by the Secretariat, for example, the "Court of Session" will be made "Court of Sessions" and the word in four and five is not "noting", it is "nothing", in the original Act it is nothing. So, that is the typographical error that will be corrected.

(Interruption)

Senator Wasim Sajjad(Leader of the House): I am very glad and grateful that aspects pointed out by Raza Rabbani highlight certain aspects of the law and whatever can be corrected by the Secretariat, these are typographical errors in accordance with the rule.

جناب چیئرمین: مولانا سمیع الحق۔

سینیٹر مولانا سمیع الحق: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ محترم جناب چیئرمین! خلاف معمول آج بھی اجلاس رکھا گیا ہے، اس معاملے کو بہت اہمیت دی گئی ہے اور شاید اس وجہ سے کہ صدر صاحب امریکہ جا رہے ہیں اور یہ تحفہ ساتھ لے کر وہاں جائیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک طویل دباؤ ہے، ایک ایجنڈا ہے مسلمانوں کے خلاف بالخصوص پاکستان کے خلاف اور یہ اسی کا ایک حصہ ہے اور وہ ہماری دفاعی صلاحیت کو کسی طرح گوارا نہیں کرتے۔ اور اسے مفلوج کرنا چاہتے ہیں، محدود کرنا چاہتے ہیں۔ یہ مختلف حربے اسی لئے استعمال ہو رہے ہیں۔ ایک تو اس میں برآمد کا ذکر ہے۔ ہم پر بے شمار الزامات لگائے گئے تھے۔ ہمارے معزز سائنسدانوں کے خلاف اور پوری دنیا میں اودھم مچا۔ تو گویا آج ہم اس bill کے ذریعے اعتراف کر رہے ہیں ان تمام الزامات کا اور اس جرم کا کہ گویا ہم برآمد کر رہے تھے اور آج کے بعد ہم برآمد نہیں کریں گے۔

جناب والا! دوسرا اس میں درآمد کا ذکر نہیں ہے۔ ظاہر بات ہے کہ درآمد تو ہمیں مغربی ممالک اور یورپی ممالک ہی سے کرنی پڑتی ہے، اپنا راستہ انہوں نے محدود نہیں کیا۔ یعنی

امت مسلمہ کی فلاح و بہبود میں کوئی قدم نہیں اٹھا سکتے ۔ میرے خیال میں اس قانون کے متعلق شاید وزیر دفاع صاحب یا وزیر خارجہ صاحب روشنی ڈال سکیں گے کہ کیا ان کے اپنے ممالک میں بھی ایسے قوانین ہیں۔ کیا انہوں نے ایٹمی ٹیکنالوجی فراہم نہیں کی ؟ اور دنیا کو معلوم ہے کہ ان سب نے ایک دوسرے کی مدد کی ۔ انہوں نے اسرائیل کو ایٹمی صلاحیت سے نوازا اور پورا اہتمام کے ساتھ اور یورپی ممالک کے ساتھ تعاون کیا۔ بھارت سے خفیہ تعاون کیا تو یہ سارا سلسلہ ہماری ایٹمی صلاحیت کو ختم کرنے کے مترادف ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اسلام کی نگاہ میں ایٹمی صلاحیت کی بہت بڑی اہمیت ہے اور عسکری صلاحیت کی ' دفاعی صلاحیت کی ۔بس جس دور کی جو ٹیکنالوجی ہو ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ اس کی تیاری کرو اور استعمال کرو ۔ نماز' روزے 'حج' زکواۃ جیسی اہم عبادات سے بھی زیادہ فرضیت دفاعی صلاحیت کی ہے ۔ لامحدود حکم ہے ۔

جناب چیئرمین ! میں کیا عرض کروں آپ خود عالم ہیں' پڑھے لکھے ہیں' آپ نے قرآن پڑھا ہے .

(عربی ) ان چیزوں میں جس حد تک تم جا سکتے ہو ۔ آپ کی جتنی استطاعت ہے ۔ نماز کے لئے کہا گیا کہ پانچ ' چھ سات نہیں۔ زکواۃ کے لئے کہا گیا چالیسواں حصہ اور عشر دسواں حصہ اور خمس پانچواں ' حج کا کہا گیا کہ ساری زندگی میں ایک دفعہ ' روزے کے لئے کہا گیا کہ سال میں ایک مہینہ' لامحدود نہیں کہا گیا کہ جتنی استطاعت ہو نمازیں پڑھو' روزے رکھو' حج کرو لیکن ایک یہ عمل جو ہے اپنی دفاعی صلاحیت کے بارے میں کہا ( عربی ) کہ جو تمہاری استطاعت ہے' گھاس پھونس کھاؤ ' بھوکے رہو لیکن اس میں کمی نہ کرو۔ (عربی) تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت اہم فریضہ ہے۔ جو حالات امت مسلمہ کو درپیش ہیں' وہ ہمیں ہاتھ پاؤں باندھ کر بکری کی طرح ذبح بھی کرنا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تم کچھ بھی نہ کرو۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ خدارا! ہم ان کی باتوں میں نہ آئیں۔ انہوں نے عراق کے خلاف طوفان مچایا کہ کیمیائی ہتھیار ہیں' ایٹمی ہتھیار ہیں' پرزے ہیں' وسائل ہیں' وہ کہاں ہیں؟ اب انہوں نے ایران کو ٹارگٹ بنایا ہوا ہے' شام کو اور سب کو۔ تو یہ باتیں مانتے رہے تو کہاں تک جائیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس بل کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہمیں سائنس اور ٹیکنالوجی کا چوبیس گھنٹے لیکچر دیا جاتا ہے کہ اسلام میں بڑی اہمیت ہے۔ دینی مدارس میں بھی یہ لے آؤ۔ دینی علوم کی روح ختم کرو۔ لیکن جو اہم کام آجاتا

ہے سائنس و ٹیکنالوجی کا تو اس پر بھی مسلمانوں کو روکا جاتا ہے۔ چلیں، اس کی خرید و فروخت، انہوں نے بیچا، انہوں نے منڈیاں بنائیں، ان کی وجہ سے عام ہوا، ان کے دلال اور بروکر بھی دنیا کو معلوم ہیں۔ خود اپنی اصلاح وہ نہیں کرتے اور ہمیں ہر طرح مفلوج بنانا چاہتے ہیں۔ ہمارے ایٹم بم کو اسلام بم کہتے ہیں اور ہندوؤں کے بم کو کبھی ہندو بم نہیں کہا۔ چینیوں اور روسیوں کے بم کو کمیونسٹ بم نہیں کہا۔ امریکہ اور یورپ کے تمام بموں کو کبھی مسیحی بم نہیں کہا گیا۔ اس سے اس کی ذہنیت کا پتا چلتا ہے۔ بم بیچارہ تو بے جان چیز ہے۔ اس کا کیا مذہب ہوتا ہے لیکن جب مسلمانوں کے پاس ہو تو وہ اسلامی بم ہے۔ ان کے ساتھ ہے تو وہ امن کا بم ہے۔ ہمارا ایٹمی پروگرام اپنی بقا اور بچاؤ کے لئے ہے۔ ہمارے کوئی جارحیت کے ارادے نہیں ہیں۔ امت مسلمہ کی سو سالہ تاریخ میں، میں چیلنج دیتا ہوں، پچھلے سو سال میں مسلمانوں نے کسی یورپین یا غیر مسلم ملک پر جارحیت نہیں کی۔ کوئی بتائے کہ ایک انچ زمین مسلمانوں نے ایک سو سال میں قبضہ کی ہو۔ الٹا ہمیں دہشت گرد کہتے ہیں۔ ایک طوفان مچا ہوا ہے۔ ہمیں دہشت گردی کی نہیں، جہاد کی ضرورت ہے، جہاد بقا کا ذریعہ ہے۔ اسلام نے حکم دیا ہے کہ جہاد کے لئے سب کچھ داؤ پر لگاؤ ورنہ دنیا میں تمہارا نام و نشان مٹ جائے گا۔ میں ان کلمات کے ساتھ آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ مجھے رات پتا چلا کہ آج بھی اجلاس ہے بڑے ہنگامی حالات میں، میں یہاں پر پہنچا کہ پتا نہیں یہاں پر کیا بہت بڑا مسئلہ ہے۔ لیکن اندازہ یہ ہوا کہ یہ بل پاس کر کے ہم نے اس کو امریکہ کے چرنوں میں رکھنا ہے۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ۔

Senator Dr. Abdullah Riar: Mr. Chairman, I will speack on this account without questioning the basic spirit of this Bill. I do oppose it on the grounds my honourable leader Mian Raza Rabbani has already submitted. The question is quite intriguing. The eve of the departure is quite intriguing. The 3 piece suits being pressed for the delegation is quite intriguing. Those schedule meetings on the sea streets State

Department bureaucrats waiting for the honourable delegation is quite intriguing. The bureaucrates who manufactured UN Resolution 1540 are anxiously waiting for their deliverers and hendy men to deliver them the product quite intriguing. My concern is sir, the boastful commander of this 150 million helpless people would definitely take pride in boasting in the capital of the world that my pliable graduate politicians sitting in the two Houses have been forced to pass the legislation without any meritorious examination through the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs without a threadbare discussion on the pros and cons of a bill which is very vital for our nation. We have sacrificed to reach to the level of the nuclear sovereigntyof the state and we are floundring our rights through an hasteful and a meaningless excercise of putting through this show on the saturday morning onthe eve of the departure of the Commander in Chief to the global center to presenthis achievements on this account. I do sympathise with the sweet soft Minister of State Mr. Khusro. He would be embarrassed when he is sitting across the bureaucrats on the sea street exit of State Department boastfully trying to presentthat our Parliament has passed the legislation. Sir, it would be very embarrassing for this Saraiki child to feel that he will giggle in his own chest because that bureaucrat knows it is our dictate that your foolish politicians have been forced to submit it to us at the time of your arrival here. So, the looks in the eyes of the staffer of United States Congress where the honourable Ministers would go and try to rub their shoulders and try to impress them with their

flowerylanguage that we are a nation, we have passed the legislation on the nuclear proliferation. It would be embarrassing for them to realize that they already know what is your basic reasons of becoming this legislation today on this day. Sir, it will be embarrassing to see and it is definitely too late, when today from now CNN is going to broadcast a documentary where Pakistan's nuclear club and Pakistan's blackmarketing of the nuclear assets and Dr. Qadir Khan, in the HighSchool Children of United States are going to debate on Pakistan. Al-Qaida and nuclear in the same language and we would be presenting on streets of the United Nations and Washington promoting our view that we have passed the legislation. I wish we had not wasted two years in the inter-ministerial exercise of bureaucrats pushing papers in the country and I wish we had done two months of deliberation in this august House, in the Parliament and threadbare discussions pros and cons would have looked at and we would have felt prideful enacting a law which would have some meaning and some price related to our nuclear deterrance. Thank you very much sir.

Mr. Chairman: Prof. Ghafoqr Ahmed.

جناب چیئرمین، پروفیسرغفور احمد۔

سینیٹر پروفیسرغفور احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین! میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ حکومت اس بل کو bulldoze کرنے پر کیوں مصر ہے۔ آخر اتنی غیرمعمولی عجلت کا مظاہرہ کیوں کیا جا رہا ہے ۔ قومی اسمبلی میں مجلس قائمہ کی رپورٹ کا انتظار نہیں کیا گیا۔ بل کو منظور کیا گیا اور اپوزیشن مجبور ہوئی کہ وہ walk out کرے۔ آج کے لیے آپ نے

گیا۔ بل کو منظور کیا گیا اور اپوزیشن مجبور ہوئی کہ وہ walk out کرے۔ آج کے لیے آپ نے جو schedule دیا تھا اس میں آج working day نہیں ہے۔ جیسا آپ دیکھتے ہیں کہ ہمارے بہت سے ساتھی ایوان میں موجود نہیں ہیں لیکن آج یہاں سیشن بلایا گیا کہ اس بل کو فوری طور پر منظور کر لیا جائے۔

جناب چیئرمین! میں اس بات کی تحسین کرتا ہوں کہ آپ کا رویہ بہت اچھا ہے۔ آپ ہمیں بات کرنے کا موقع دیتے ہیں۔ وانا اور بلوچستان کے مسائل پر بات کرنے کا ہمیں موقع دیا۔ ہم اس کے بارے میں آپ کے شکرگزار ہیں۔ وزیر اعظم شوکت عزیز صاحب نے ابھی کل اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین! میں ان سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ عدم اطمینان کی وجہ کیا ہے؟ ہم اگر کوئی بات کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں موقع نہیں دیا جاتا۔ نہایت اہم قوانین کو منظور کرنے کے لئے ایک دن کا وقت دیا جاتا ہے کہ اس کو منظور کر دیا جائے۔ جناب! میں نے کل آپ کی خدمت میں ایک ترمیم بھیجی تھی کہ اسے مجلس قائمہ کے سپرد کیا جائے۔ اسے circulate نہیں کیا گیا اور بل پر غور شروع کر دیا گیا۔ اس لئے میں پوچھتا ہوں کہ اگر عدم کارکردگی کی کوئی وجہ ہے تو حکمران جماعت کا رویہ ہے جو بات کرنے کا موقع نہیں دیتی۔

جناب چیئرمین! میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ایٹمی عدم پھیلاؤ کے بارے میں پاکستان کا رویہ اس سے پہلے بھی بڑا محتاط رہا ہے بلکہ قابل احترام رہا ہے۔ ملک کے اندر جس طرح کے واقعات ہوئے ہیں۔ اس پر پورے ملک کو اعتراض تھا لیکن اس کے باوجود اگر اب یہ بل منظور کیا جا رہا ہے تو آخر اس پر اتنی جلدی کی وجہ کیا ہے؟ ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ میں کون نہیں جانتا ہے کہ امریکہ نے بھارت کو سپرکمپیوٹر دیئے اور بھارت ایک ایٹمی قوت بن گیا۔ اسی نے اسرائیل کی مدد کی ہے۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ سیکورٹی کونسل کی قرارداد 1540 پر کتنے ممالک نے عمل کیا ہے؟ کیا امریکہ نے، بھارت یا دوسرے جو ایٹمی ممالک ہیں انہوں نے قانون سازی کی ہے؟ یا ہمیں مجبور کیا جا رہا ہے کہ یہ چیزیں منظور کریں؟

جناب چیئرمین! یہ بات بڑی قابل افسوس ہے کہ امریکہ جو اس وقت دنیا کی واحد سپر پاور ہے اس نے اس کی ابتداء کی، ایٹمی بم بنائے۔ دوسری جنگ عظیم کے اختتام پر جاپان

ناگاساکی کے انسانوں پر بم گرا دیئے۔ آج وہ ہمیں اس بات کا درس دے رہا ہے کہ ہمارا رویہ اس بارے میں کیا ہونا چاہیے۔ ہمارا تاثر یہ ہے کہ اس بل کی منظوری کا مقصد یہ ہے کہ امریکہ کو خوش کرنا چاہتے ہیں لیکن جناب چیئرمین! میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا امریکہ اس بارے میں خوش ہو سکتا ہے۔ ابھی امریکہ نے جو مذہبی آزادی کے بارے میں ایک report شائع کی ہے، اس میں جھوٹ بولا ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کو تحفظ حاصل نہیں ہے، انہیں اپنے اختیارات حاصل نہیں ہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہاں پاکستان میں اقلیتوں کو جوحقوق حاصل ہیں، شاید کسی اور ملک میں اس کی مثال پیش نہیں کی جا سکتی لیکن اس کے باوجود پاکستانپر یہ الزام عائد کیا گیا کہ پاکستان میں مذہبی آزادیاں اقلیتوں کو حاصل نہیں ہیں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ امریکہ کی آنکھیں نہیں دیکھتیں کہ بھارت کے صوبہ گجرات میں کس طریقے سے مسلمانوں کا قتل عام کیا گیا، کس طریقے سے عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کو زندہ جلا دیا گیا، امریکہ نے اس پر کوئی احتجاج نہیں کیا کہ وہاں پر دہشت گردی ہے اور وہاں اقلیتوں کو ان کے حقوق نہیں مل رہے ہیں، امریکہ اس سے مطمئن نہیں ہو سکتا۔ جناب چیئرمین صاحب! امریکہ اس وقت مطمئن ہو گا جب پاکستان اس بات کا اعلان کر دے کہ ہم نے اپنا ایٹمی پروگرام منجمد کر دیا ہے، امریکہ اس وقت مطمئن ہو گا جب ہم یہ کہیں کہ ہم امریکہ کو اس بات کا اختیار دیتے ہیں کہ ہمارے ایٹمی مفاد پر control اور command کا حق امریکہ کو مل جائے۔ اس لئے امریکہ بار بار یہ بات کہہ رہا ہے کہ یہاں پر مذہبی انتہاپسند لوگ ہیں، دہشت گرد ہیں اور کسی وقت بھی وہ ہمارے ایٹمی پروگرام پر قبضہ کر سکتے ہیں اور اسے چھین سکتے ہیں، اس لئے امریکہ کو اختیار دیا جائے، امریکہ تبھی خوش ہو گا کہ جب ہم ایسے کرلیں۔ میں یہی عرض کرتا ہوں کہ ہمارا ایٹمی پروگرام پرامن مقاصد کے لئے ہے، اگر ہمارے پاس atom bomb نہ ہوتا تو کب کا بھارت ہمارے اوپر حملہ کر چکا ہوتا۔ وہ آج بھی ہمیں برابر دھمکیاں دیتا ہے کہ آزادکشمیر پر حملہ کر سکتے ہیں۔ اس لئے جناب چیئرمین! میں عرض کروں گا کہ اس بارے میں کوئی کمزوری نہ دکھائی جائے، امریکہ کو خوش کرنے کے لئے اپنے دفاع کو کمزور نہ کیا جائے اور ایسا کوئی کام نہ کیا جائے کہ ہمارے ملک کی سالمیت اور ہماری sovereignty خطرے میں پڑ جائے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Mr. Sanaullah Baloch.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب! سب سے پہلے تو ہم آپ کے مشکور ہیں جس طرح میرے دیگر دوستوں نے colleagues نے فرمایا ہے کہ بلوچستان اور دیگر معاملات پر آپ نے بڑی کشادہ دلی سے ہماری گفتگو سننے کی کوشش کی۔ آج ایک دفعہ پھر nuclear اور حیاتیاتی ہتھیاروں سے متعلق Export Control کا Bill ہماری Parliament یا اس Parliament میں پیش کیا گیا ہے۔ میرے خیال میں آج ہفتے کے دن یہ وقت کے ضیاع کا باعث ہے یا وقت کے ضائع کرنے کے مترادف ہے کہ جس Parliament کو nuclear programme بناتے وقت اعتماد میں نہیں لیا گیا، جس Parliament کو nuclear programme کے اصل ملزموں اور مجرموں کے بارے میں معلومات فراہم نہیں کی گئیں، جس Parliament کو nuclear programme پر خرچ آنے والے ان اخراجات کے بارے میں آگاہی نہیں کی گئی تو آج یہ تکلیف کیونکر کی گئی ہے کہ Parliament کے سامنے اس Act کو یا اس Bill کو یا amendment کو پیش کیا گیا ہے کہ پاکستان کی Parliament جو ہے، وہ nuclear export کو یا nuclear assets یا biological assets یا دوسرے اس قسم کے weapons کی روک تھام کے لئے کوئی قانون سازی کرے اور اس کو adopt کرے۔ جناب والا! میرے خیال میں یہاں پر جو سب سے پہلے لکھا گیا ہے کہ یہ Bill یا یہ amendment اس لئے کر رہے ہیں کہ پاکستان ایک ذمہ دار nuclear ریاست کے طور پر ابھرنا چاہتا ہے اور وہ دنیا میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار nuclear State ہے۔ جناب والا! جب ایک responsible اور ذمہ دار سیاسی ریاست نہیں ہے، ایک politcal State نہیں ہے جب آپ ایک democratic Parliamentary form adopt کرنے والی ایک State کی حیثیت سے دنیا میں ابھر کر نہیں آئے اور دنیا میں ہمارا graph ایک غیر ذمہ دار ریاست کی حیثیت سے ہمیشہ جانا گیا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم نے مسلسل غلطیاں کی ہیں، ہم نے اس ملک کو ایک ذمہ دار ریاست بنانے کی کوشش نہیں کی، کجا ہم اس کو nuclear responsible State بنانے کی بات کرتے ہیں۔ ہم نے اس ملک کو تین آئین دیئے اور ہم

نے تینوں آئینوں کی دھجیاں بکھیر دیں، ہم نے اس ملک کو قوانین دیئے۔ ان قوانین کی دھجیاں اڑا دیں۔ آج یہ چھوٹا سا amendment Bill یا Act کس طریقے سے اتنے بڑے عمل کو روک پائے گا۔ ہمارے Constitution میں Article-6 جو آئین کی، قانون کی، Parliament کے تحفظ کی بات کرتا ہے، ہم آج تک اس قانون کے تحت اپنی جمہوریت کو، اپنی وفاقیت کو اور اپنی Parliament کو تحفظ نہیں دے سکے۔ جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ دنیا یہ بہتر طریقے سے جانتی ہے جس طرح میرے دوست ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ صاحب نے فرمایا کہ دنیا کو بخوبی آگاہی حاصل ہے کہ ہم نے اس سے پہلے کئی غلطیاں کی ہیں، اسی لئے ہماری ان غلطیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے دنیا ابھی تک پاکستان کو ایک Nuclear State قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے، وہ آپ کو دنیا کی ذمہ دار فہرست میں شامل کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ پاکستان کو دنیا کے خطرناک ترین ملکوں میں شمار کیا گیا ہے۔ پاکستان میں ethnic conflict کا جو معیار ہے وہ دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔ جناب والا! ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے وزیر خارجہ صاحب، ہمارے حکمران یا ہمارے ارباب اختیار ہمیشہ جلدبازی میں پارلیمنٹ کے منہ پر اس طرح کی amendment اور Act تھونپ کر اور منظوری دلوا کر اپنی حکمرانی کو دیگر دنیا میں ایک legitimacy دینے کے لئے یا اس کو پائیدار بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک ذمہ دار Nuclear State بننے کی طرف جانے سے پہلے جو لوگ پاکستان میں nuclear export کے جرم میں ملوث ہیں ان کے نام اس پارلیمنٹ میں پیش کئے جاتے۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور اس کے شریک جرم ساتھیوں کے نام یہاں پر پیش کئے جاتے، انہیں عالمی اور ملکی قوانین کے تحت سزائیں دی جاتیں، پاکستان کے تمام انسانوں کو ذمہ دار شہری سمجھتے ہوئے ان کو تمام معلومات فراہم کی جاتیں۔ جناب والا! اس کے بعد کوئی اس طرح کے عمل میں شامل ہونے کا سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ جب ہم لوگوں کو مافیا دیتے ہیں، جب لوگوں کے نام چھپاتے ہیں، جب ہم ان لوگوں کی سرپرستی کرتے ہیں جو اس طرح کے غیرآئینی اور غیر قانونی کام میں ملوث ہوں تو دنیا ہماری اس طرح کی amendments کو، ہمارے اس طرح کے Acts کو کسی صورت بھی accept نہیں کرے گی۔ وہ کیا کہتے ہیں " دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے" کہ ہم دنیا کو دکھانے کے لئے ایک Bill یا Act پیش کر رہے ہیں۔

جناب والا! پاکستان کی حقیقی صورتحال سے سب آگاہی رکھتے ہیں۔ آپ کے ہاں federation vs state conflict تمام شعبوں میں ابھر کر آیا ہے، آپ کے ہاں conflict ہے، جس کو آپ resolve نہیں کر پا رہے، آپ کے اندر military vs civil society conflict ہے جس کو آپ resolve کرنے کی طرف نہیں جا رہے ہیں، آپ کے اندر پارلیمنٹ اپنی استعداد اور طاقت منوانے کی لڑائی میں مصروف عمل ہے، اس کو آپ حل کرنے کی طرف نہیں جا رہے ہیں۔یہ سب ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہیں۔ کسی ملک کو ذمہ دار ریاست بنانے میں اس کے تمام اداروں کی ذمہ دارانہ حیثیت کو دنیا کے سامنے متعارف کرانا ہمارے فرائض میں شامل ہے لیکن ہم ان تمام چیزوں سے بے خبر ہو کر، جس طرح میرے دوست ریاض صاحب نے فرمایا کہ ہم بڑی جلد بازی میں اپنے نونہال Ministers کو اور اپنے باکمال Foreign Minister کو بھیج رہے ہیں اور صدر صاحب کو بھیج رہے ہیں کہ وہ جا کر دنیا کو یہ بتائیں کہ جی ہم نے Nuclear Export Bill میں amendment کر لی ہے لہذا ہم ذمہ دار ریاست ہیں۔

کیا ہم ذمہ دار ریاست ہیں؟ ہم نے تین آئینوں کی دھجیاں بکھیر دیں۔ کیا ہم ایک ذمہ دار ریاست ہیں کہ ہم نے اپنا آدھا ملک گنوا دیا۔ کیا ہم ذمہ دار ریاست ہیں کہ 2004ء میں ابھی بھی ہمارے لوگ پینے کے پانی کو ترستے ہیں، بھوک سے مر رہے ہیں اور ہمارا ملک اربوں روپے nuclear assets کی development پر اور military development پر خرچ کر رہا ہے؟ ایک ذمہ دار ملک اور ایک ذمہ دار ریاست کی کیا یہی نشانیاں ہوتی ہیں جو آپ اسلام آباد والے ہمیں سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں یا دیگر دنیا کو بتانے کی کوشش کرتے ہیں؟

جناب والا! میں مختصراً عرض کروں گا، مجھے اندازہ ہے کہ وقت کی کمی ہے۔ خدارا حالات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے، حالات کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک responsible state بننے کی کوشش کریں، اس کے بعد ایک responsible nuclear state بننے کی طرف توجہ دیں اور اس کے بعد دنیا میں ایک model state کے طور پر خود کو پیش کریں، ایک multi-national federal structure اپنے اندر develop کریں پھر آپ کی ریاست ذمہ دار ہے ورنہ ہمارے three piece suits, خوشنما ٹائیوں اور خاکی وردیوں سے ممالک نہ کبھی stable رہے ہیں اور نہ کبھی responsible قرار دیئے گئے ہیں، دنیا میں کوئی ایسی تاریخ نہیں ملتی۔ اگر

خوبصورت لباس اور پوشاکوں سے دنیا کے اندر کوئی ریاست، کوئی empire قائم رہتی تو رومنوں کے خوبصورت لباس آج تک دنیا پر مسلط رہتے۔ آج Persian Empire Roman Empire، Greek Empire اور دنیا کی بڑی بڑی سلطنتیں اس طرح تباہ و برباد نہ ہوتیں۔

Mr. Chairman: Please conclude now.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، لہذا وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے وہ لوگ جو nuclear export میں ملوث تھے سب سے پہلے ان کو سزائیں دیں تاکہ پاکستان میں کوئی بھی دوبارہ اس طرح کا جرم کرنے کا نہ سوچ سکے۔ اگر ہم ایک مثال قائم کریں گے تو اس کے بعد لوگ اس کو follow کریں گے، اگر ہم گھر بیٹھے لوگوں کو اس طرح معافیاں دیتے رہیں گے اور لوگوں کے جرم پر پردہ پوشی کرتے رہیں گے تو جناب والا! ایسے کسی بل کی، ایسی کسی Constitutional Amendment کی، اس طرح کے کسی Constitutional عمل کی نہ تو ہمارے ملک میں کوئی اہمیت رہے گی اور نہ دنیا اس عمل کو سنجیدگی سے لے گی۔ بہت بہت شکریہ۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد: جناب چیئرمین! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ڈاکٹر قدیر اور دوسرے ایٹمی سائنسدانوں نے کوئی جرم اگر کیا ہوتا تو انہیں عدالتوں کے سامنے پیش کیا جاتا۔ ہمارے علم میں یا ملک کی نظر میں کوئی ایسا جرم نہیں ہے جو ان سائنسدانوں نے کیا ہو، ہم ان کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے ایک technology ملک کو دی۔ اس لیے میری گزارش ہے کہ یہ الفاظ حذف کیے جائیں۔ آدمی مجرم جب ہوتا ہے جب اس کو عدالت میں پیش کیا جائے۔ ہمیں تو اس بات کا افسوس ہے کہ بغیر کسی عدالتی کارروائی کے ہمارے سائنسدانوں کو آج تک بند کیا ہوا ہے۔ ان کے گھر والے بھی ان سے ملنے سے محروم ہیں۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ ان الفاظ کو حذف کیا جائے۔

جناب چیئرمین: جناب ساتکزئی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ ساتکزئی: نہیں جناب! میں بطور احتجاج تقریر نہیں کروں گا کیونکہ آپ نے مجھے بلوچستان پر وقت نہیں دیا تھا۔

جناب چیئرمین، کل جنہوں نے move کیا تھا ان کو موقع دیا تھا۔ ڈاکٹر مراد علی شاہ۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، پہلے سانگڑئی صاحب تقریر کر لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانگڑئی، شکریہ۔ جناب چیئرمین! میرا تو خیال یہ تھا کہ میں بھوک ہڑتال کروں لیکن آپ نے فی الفور ختم کرادی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جیسا کہ Bill پر بحث ہو رہی ہے میں بھی اس میں تھوڑا سا حصہ شامل کردوں اور آپ مجھے بتا دیں گے کہ وقت کم ہے اور مجھے یہ یقین ہے کہ آپ تیار ہوئے بیٹھے ہوں گے کہ جی وقت ختم ہو رہا ہے۔

دوبارہ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ساتھیوں نے بہت اچھی بات کی۔ میں رضا صاحب کی بات کی تائید کرتا ہوں۔ دیکھیے جی، ہم ایک آزاد ملک کے شہری ہیں اور یہ ہماری آزاد سینیٹ ہے، کہنے کے لیے۔ ویسے سمجھتے ہم بھی ہیں کہ بادشاہ سلامت کی جو مرضی ہوگی وہی ہوگا، اورکسی کی نہیں چلے گی۔ اگر ہمارا ملک ایک آزاد ملک ہے تو آزادی کا تھوڑا سا پرتو یا روشنی تو دکھائیں۔ اگر ہم یہ بھی نہیں کر سکتے تو پھر ہمیں آزاد ملک نہیں کہنا چاہیے۔

عزت مآب! گزارش یہ ہے کہ یہ جو ایٹم بم ہوتے ہیں یہ ملک کو بچانے اور ملک کا دفاع کرنے کے لیے ہوتے ہیں اور اب ہم حیران اور پریشان ہیں، اس نے ہمیں پریشان کیا ہوا ہے کہ ہم اس کو کہاں چھپائیں۔ میں خود حیران ہوں، میں آج تک نہیں سمجھ سکا کہ ہماری حفاظت کے لیے جو ہے اب ہم اس کی حفاظت کر رہے ہیں۔ میں اس بات کو ابھی تک نہیں سمجھ سکا ہوں اور اگر یہی سلسلہ رہا اور جیسا کہ بادشاہ سلامت نے کہا ہے، ہمیں تو انہوں نے ٹکے دکھا دیے اور کاش کہ ایک ٹیلیفون کو دو، تین، چار گھنٹے دم دے لیتے، تب بھی ہم خوش ہو جاتے لیکن انہوں نے ایک ہی فون پر کہہ دیا کہ جی، جیسے آپ کی مرضی ویسے کریں گے۔ اب بھی میں سمجھتا ہوں کہ اتنا غیر معمولی اجلاس اور اتنی جلدی میں یہ Bill پیش کرنا محض اور محض وجہ یہ ہے کہ بڑی سرکار خوش ہو جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اللہ سب سے بڑی سرکار ہے، اس کو خوش رکھنا چاہیے۔ خالی ٹکے دکھانے سے کچھ نہیں ہوتا۔ خالی ٹکے اگر ہم کسی کو دکھائیں گے تو کچھ

نہیں ہوگا، تھوڑا سا ان میں کمال ہونا چاہیے اور تھوڑا سا ان میں وزن ہونا چاہیے اور اسی کے ساتھ عوام کو آپ اگر ساتھ لے کر چلیں گے، جیسے شاہ صاحب نے کہا کہ آج تک ہمیں کچھ بتایا نہیں گیا، ہمیں اس سلسلے میں کوئی معلومات نہیں ہیں اور ابھی بھی Bill pass کردیں۔ اگر ہم ہاں کریں گے تب بھی Bill pass ہو جائے گا اور اگر ہم نہ کریں گے تو پھر بھی pass ہوجائے گا۔

ہم بار بار یہی گزارش کر رہے ہیں کہ:

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

تصحیح آپ کریں گے۔ اس کے بعد میری گزارش صرف یہ ہے کہ عزت مآب یہ کیا ہے؟ کہاں تک آپ اس کو چلائیں گے؟ میں ان سے گزارش کرتا ہوں، آپ کے توسط سے میری ان سے گزارش ہے، میری عرض ہے کہ آپ سینیٹ اور قومی اسمبلی کو ہر مسئلے میں شامل کریں اور ان سے مشورہ لیں ورنہ یہی ہوگا۔ میں چونکہ زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ہوں اور ان سے مشورہ لیں ورنہ یہی ہوگا، میں چونکہ زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ہوں، آئندہ آپ پھنسے تو پھر آپ ہماری طرف دیکھیں گے۔ آپ ہنستے ہیں۔ آپ دعویٰ کرتے ہیں کہ جی ہم نے پوری دنیا کو سدھار دیا ہے۔ جب آپ کا راستہ جا رہا ہوتا ہے، کھڈے میں پھنستے ہیں تو پھر ہماری طرف دیکھتے ہیں اور وہی غیر فوجی لوگ، میں ان کو سیاستدان کہتا ہوں، وہی آپ کا ہاتھ پکڑ کر آپ کو باہر نکالتے ہیں۔ میں صرف اشارہ کر رہا ہوں۔ آپ سمجھدار لوگ ہیں، آپ ذمہ دار لوگ ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ پھر ہمیں ضرورت پڑے آپ کو ہاتھ پکڑ کر نکالنے کی۔

میں، عزت مآب! آپ کے توسط سے عرض کروں کہ اتنی جلدی بھی مت دکھائیے، اتنی تابعداری بھی مت دکھائیے۔ اگر دکھائیں گے تو کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ یہ کبھی بھی اس کی اپنی خارجہ پالیسی نہیں ہے۔ اس نے اپنے دوستوں کو پالا ہے اور اچھے طریقے سے نہلایا ہے، دنبہ بنایا ہے اور پھر ذبح کر دیا ہے۔ یہ امریکہ کی پالیسی ہے۔ اگر آپ بھی اس کا ہمیشہ ساتھ دیتے رہے، ٹھیک ہے آپ کے پاس بھی کہیں گے کہ جی ملک کی صورت حال یہ ہے اور international صورت حال یہ ہے لیکن اتنا بھی آگے نہ جائیے کہ بعد میں پیچھے دیکھنے کا بھی

آپ کو وقت نہ ملے۔ میری یہی آپ سے گزارش ہے کہ کم از کم سینیٹ اور قومی اسمبلی کو اعتماد میں لیا جائے اور ان کے مشورے سے کام کیا جائے۔ مجھے یقین ہے جب یہ منتخب لوگ آپ کے ساتھ ہوں گے تو آپ کی مٹھی یا مکے وزنی ہوں گے۔ ابھی تو آپ نے خالی مکے لہرائے ہیں۔ میں اس پر عرض کروں کہ

دونوں خالی مکوں سے پاکستانی بھی نہیں گھبراتے

ہوتا اگر کمال ضرور امریکہ سے آنکھیں لڑاتے

ایک فون پر کہہ دیا یس سر حاضر جناب عالی!

بندہ پیدائشی غلام ہے اور کبھی نہیں ہوگا خود سر

تو عزت مآب ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ اسی پر شکریہ۔

جناب چیئرمین، سینیٹر سعدیہ عباسی۔

Senator Saadia Abbasi: Thank you, Mr. Chairman. At the outset, I would like to say that you know, if the Opposition leaves this House, the government will not be able to maintain the quorum here.

It is just that we had given the assurance to Mr. Wasim Sajjad that is why we have not left this isle. Anyway, I will not take much time. I will not repeat what has been said. I fully endorse what the members of the Opposition have said. I would only like to say that Pakistan is a responsible muslim nuclear state and there is no doubt in anyone's mind that we will violate any international law. So what was need for the passage of this Bill and what was the need for the haste for which it is being passed?

This is a Bill that should have been referred to the Standing Committee. It is regrettable that in two hours this Bill was passed in the

National Assembly. Ido not have the information, I would like to ask the Foreign Minister that which other countries have passed similar legislation which other countries possessing nuclear weapons have passed similar legislation and has India passed it or not? I do not have information and I have tried to get information and I do not have it.

The other thing is that no matter how much legislation is passed and what sort of safeguard or assurances are extended by any country, the fact of the matter is that if the United States wishes to intervene in a nuclear state, it can do so under any pretext. He had violated the sovereignty of Iraq on the pretext of weapons of mass destruction. Do you think that it will ever stop them, any kind of legislation, if they want to do that.

The fact of the matter is that the United State does not wish to see a democratic stable Pakistan because Pakistan is a Muslim State. So, muslim states having nuclear weapons, it is something that is intolerable to the establishment of the United States and that is the simple fact of the matter. So, anything that we do to please them, is not sufficient. We, as a sovereign Muslim State, must establish our identity as a sovereign responsible Muslim State which is concerned with its security, which is concerned with the security of its people and that is the reason and that was the basis that Pakistan went nuclear. Thank you very much.

سینیٹر وسیم سجاد: جناب والا! میں صرف آپ کا ایک سیکنڈ لوں گا۔ مجھے صفدر عباسی صاحب نے کہا تھا کہ سانگزئی صاحب کے جواب میں ایک شعر پڑھ دیا جائے۔ شعر یہ ہے کہ:

شعر اس نے پڑھ دیا نہ قافیہ ہے نہ ردیف ہے

ہم نے اس کو سن لیا کہ آدمی شریف ہے

(قہقہے)

جناب چیئرمین : سید ہدایت اللہ شاہ۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ (عربی) جناب چیئرمین صاحب! اس Bill پر مجھ سے پہلے کافی ساتھیوں نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کر دیا ہے۔ میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا، صرف چند سوالات ہیں، جن کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں۔ ایک تو یہ ہے کہ جب بھی کوئی Bill بنایا جاتا ہے یا اسے قانونی یا دستوری شکل دی جاتی ہے اس کے بارے میں، میں اپنی حکومت سے پوچھنا ہوں کہ اس وقت کیا قرآن کریم یا احادیث رسول سے بھی راہنمائی حاصل کی جاتی ہے یا کسی دباؤ، امریکہ کے دباؤ یا کسی کے اشارے پر بنا دیا جاتا ہے؟ اگر اسی Bill کے بارے میں قرآن کریم یا احادیث رسول سے راہنمائی حاصل کی جائے تو ان کو اس Bill کے بارے میں پتا چل جائے گا کہ اسلحہ بنانا، جوہری اسلحہ بنانا مسلمانوں کا بنیادی استحقاق ہے اور جو اسلحہ بنایا جاتا ہے، وہ اپنے دفاع کے لئے بنایا جاتا ہے اور دوسروں کی ہلاکت کے لئے نہیں۔ جب ہمارے ملک کی نظریاتی سرحدیں یا ہمارے ملک کی جغرافیائی سرحدیں، مسلمانوں کی جغرافیائی سرحدیں غیر محفوظ ہو جائیں تو اس کے لئے یہ سارے اہتمام کئے جاتے ہیں۔ قرآن کریم نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ (عربی)۔ یہود و نصاریٰ آپ سے (عربی) عربی کا طالب علم یا عربی کی سوجھ بوجھ رکھنے والا طالب علم (عربی) کے معنی سمجھتا ہے کہ (عربی) تاکید کے لئے ہے کہ یہود و نصاریٰ آپ سے ہرگز راضی نہیں ہوں گے جب تک آپ ان کا مذہب اختیار نہ کرلیں۔ جناب والا! ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس وقت جتنے بھی قانون بنائے جا رہے ہیں، یہ ہماری نظریاتی فکر سے ہٹ کر بنائے جا رہے ہیں۔ لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ پاکستان کو بنایا گیا تھا کہ پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ۔ اس کا بھی خیال رکھا جائے۔

جناب والا! میرا دوسرا سوال پہلے ہی رضاربانی صاحب نے پیش کر دیا ہے کہ کیا وجہ ہے کہ آج وزیر خارجہ صاحب نے یہ بل پیش کیا ہے اور اس سے متعلقہ وزیر نے Bill کیوں

پیش نہیں کیا؛ تیسرا میرا سوال یہ ہے کہ کیا فنی تعلیم جسے جوہری تعلیم کہتے ہیں اور جسے بیرونی دنیا میں یا دوسرے انسانوں کو سکھانا یا پڑھانا یا منتقل کرنا، مسلمانوں پر فرض کفایہ بنتا ہے، کیا اس پر قدغن لگانے کے لئے یہ Bill لایا جا رہا ہے۔ کل اگر ہمارے کسی اسلامی ملک کو کوئی خطرہ ہو تو کیا ہم پھر دیکھتے رہیں گے۔ مثال کے طور پر اسرائیل ہے۔ اس کے پاس ایٹمی اسلحہ کا سارا انتظام ہے اور عرب ممالک کے پاس نہیں ہے۔ عرب ممالک کے ساتھ ہماری عقیدت ہے۔ وہاں حرمین شریفین ہیں۔ کیا ہم دیکھتے رہیں گے کہ ہم نے تو Bill پاس کیا ہے اس لئے ہم اس قانون کی خلاف ورزی نہیں کرتے۔ اس لئے اس نسبت سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس وقت بین الاقوامی طور پر یہود و نصاریٰ مسلمانوں کو بنیادی تعلیم، مذہبی تعلیم اور فنی تعلیم سے محروم کر رہے ہیں اور یہ Bill جو لایا گیا ہے، یہ اس چیز کا پیش خیمہ ہے۔ اس لئے ہماری حکومت کو کہ ایسے بل جس میں ہر چیز دباؤ میں آکر ہال میں پیش کریں تو یہ مناسب نہیں ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا جیسے مولانا سمیع الحق صاحب نے آیات کریمہ پڑھیں کہ رعب کے لیے۔۔(عربی) جو دشمن کے پاس اسلحہ ہے اور اس کے مقابلے میں اس سے بہتر اسلحہ ہونا چاہیے تاکہ اس پر ہمیشہ رعب رہے اور دشمن ہماری سرحدوں پر اور ہمارے نظریے پر حملہ نہ کر سکے۔ اگر آج حکومت اس طریقے سے بل پیش کر رہی ہے کہ اپنا اسلحہ ہم باہر منتقل نہیں کر سکیں گے تو یہ ہمارے ساتھ ایک بہت بڑی زیادتی ہوگی اور مسلمانوں کا بنیادی جو حق ہے۔ اس سے محروم کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔ لہذا ہم اس بل کی پرزور مخالفت کرتے ہیں اور یہ بل جو وہ لائے ہیں اس سے ہم سمجھتے ہیں کہ ان کا اپنا نظریہ یا ملکی مفاد اس میں نہیں ہے، اس میں امریکہ کا مفاد ہے۔ و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین، مسٹر فرحت اللہ بابر۔

Senator Farhat Ullah Babar: Thank you, Mr Chairman for giving me the opportunity.. I am deeply conscious of the fact that this is a Bill on a very important subject. This is a Bill on an issue which

Pakistan has to adopt in order to play a responsible role in international affairs. This is kind of a Bill on a subject which we have to adopt so that the nuclear weapons do not spread to other countries.

Mr. Chairman, by the same token of its importance, it is equally important that the Bill should have been thoroughly debated and deliberated rather than being bulldozed in the manner it has been done. We are conscious of the fact and the Honourable Foreign Minister pointed out that the UN Resolution 1540 requires Pakistan, in fact, not only Pakistan but also other member-states to adoptdomestic legislation to prevent spread of nuclear weapons.

But Resolution 1540 does not say that a country should adopt the resolution in haste. The Honourable Foreign Minister said that for the last two years there were discussions and debates in various Ministries. It is unfortunate that for the last two years they were discussing it in the Ministries and for only two hours it was debated in the National Assembly. He tells us that Resolution 1540 requires us to do this. The Resolution 1540 is 4-page document and I am sure the honourable Foreign Minister has got a copy of it. If he does not have acopy, he can take one from me. With your permission, I will read out an operating paragraph from that Resolution. That operating paragraph is :

"That the Security Council decides to establish for a period of two years a committee of the Security Council which will report to the Security Council for its examination and implementation of this resolution and calls on States to report on steps they have taken or

intended to take".

Now Mr. Chairman, this Resolution was passed on 24th of April this year. The Resolution says:

"That there will be a committee which can for two years, any governmentcan report to that committee as to what steps it has taken or what steps it intends to take".

From 24th April, 2004, we have the time until 23rd April, 2006. So what was the hurry to bulldoze the Bill in the manner they have bulldozed it - first in the National Assembly and now is being bulldozed in the Senate.

Mr. Chairman, I would also like to briefly touch upon some of the clauseswhich to me appear to be in conflict with one another. Clause (e) of Section 2, which defines equipment. If this is read with Clause 4, Article 1. Now Mr. Chairman, equipment means an assembly which may comprise electrical, mechanical, electronic, etc. used in the production of nuclear and biological weapons, which, of course, will not be exported. And Article 4 (1) says that the Federal Government shall maintain and notify the list of the equipments. Sir, now there are hundreds of equipments which have dual and multiple uses. For instantce, take the invertors. They are used in the textile industry and in medical industry. They are used in nuclear weapons also. Take, Marauging steel, that is used in Aircrafts. It is also used in the manufacture of the centrifage machines. Or take the high purity aluminium, or the magnets. These are used in the nuclear weapons and they also have so many hundreds of

applications. Now supposing Mr. Chairman, I am the manufacturer in the private sector of any one of these items. The Federal Government is now authorised to make a list. The law does not say how the list is to be drawn. I am manufacturer, the Federal Government includes in the list magnetes, my industry will collapse. I have not been given the right of appeal against the decision of the Federal Government by including certain items in the list of equipments, the export of which is banned.

Then Mr. Chairman, take clauses (e), (f). What does export means; Now in this section under export (f) take number (ii), it says that the transfer of ' goods or technology' which can be used in the nuclear weapons will be banned. But in the subsequent (g), it says, 'goods' means only articles and not 'technology'. So in one clause, the technology transfer is termed as in the prohibited but in the next clause (g), 'technology' is excluded. This is very serious omission and I would like them to look into this.

Then Mr. Chairman, down below the list sub Clause (k) in which "services" are defined and it says, "Services means providing training and technical assistance". What does it mean? Mr. Chairman, it means that probably now under this law a scientist and an engineer can not even train a Pakistani scientist and engineer, in a subject which have a barring on nuclear technology.

Again Mr. Chairman, Section 3(a), "the Federal Government shall make rules and regulations". It is open ended, no time limit has been given. We know just as in the case of Freedom of Information Act, it

took the government two years to make rules and regulations and in the case of Commission of Inquiry for the last forty years rules have not been made. To say that rules shall be made without specifying the time limit means defeating the very purpose of the law itself. Sim'larly, Mr. Chairman, under the control list sub-Clause (3), "The Federal Government shall notify all licencing requirements and procedures". Againthe time limit has not been given. Under Section 7, who is going to be the complainant upon a complaint in writing made by an officer of the Federal Government authorised in this behalf by the Federal Government. Mr. Chairman, . it is important that the complainant is not the one authorised by the Federal Government. It is important that the complainant is an institution. If the complainant, say, an institution like the Pakistan Atomic Energy Commission or the Nuclear Regulatory Authority then an institutional decision is taken within the institution rather than leaving it to the Federal Government to nominate a single individual to be the complainant.

Mr. Chairman, my most serious objection to this Bill is that it is based on an assumption that the export of nuclear technology is a technological issue. As if providing technical fixes, you can stop the export or the spread of nuclear weapons. The honourable Foreign Minister would bear me out that ever since Pakistan embarked on its nuclear programme from 1971 onward, our consistent position at all the international fora had been whether at the IAEA, whether at the UN General Assembly, whether in the Security Council, whether at the

London Suppliers' Club or whether at the International Consultative Group on Nuclear Energy, our position always has been that proliferation is not a technicalbut a political problem. As long as countries have political incentive to make nuclear weapons they will make the nuclear weapons no matter what technological barrier you erect. If Pakistan wants to stop the spread of nuclear weapons, sir, you can not stop it by technical fixes alone. You must have a political will and a political decision to stop the export of nuclear weapons Unfortunately as we saw earlier this year, we failed to demonstrate that political will to stop the spread of nuclear weapons. Unless you have that political will, no law that you make will be able to stop the spread of nuclear weapons.

Mr. Chairman, this morning when I was walking, I walked past the Houseof Dr. A.Q. Khan in Islamabad. I saw half a dozen guards. He is under house arrest. We all know. Dr. Khan is also very fond of keeping animals. He has set up a small zoo in front of his House. I noticed there were half a dozen monkeys sticking around on the road. Dr. A. Q. Khan was under house arrest. When we don't have the political will then those whom you adored as national heroes will beunder house arrest and monkeys will be sticking on the roads. You have no political will because you have no will to impose the Constitution and impose the law. So, sir, if we want really to stop the export of nuclear technology, we must have the political will and not let those violating the law strutting around like monkeys in this country.

جناب چیئرمین، ڈاکٹر مراد علی شاہ۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - جناب چیئرمین ! مجھ سے پہلے دوستوں نے بہت سی تقریریں کی ہیں - میں ان کو repeat کرنا نہیں چاہوں گا۔

جناب چیئرمین، ہاں repetition avoid کریں - کوئی نیا idea or suggestions ہوں تو وہ ضرور پیش کریں۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، آپ ذرا مہربانی کریں تو repetition نہیں ہوگی - یہ تو ثابت ہو چکا کہ یہ بل جلدی میں لایا گیا ہے۔ وہ جو قانونی طور پر قائمہ کمیٹی کے پاس جانا تھا وہ چیز نہیں کی گئی اور اب unusually in a hurry it was tabled here اور اس کو اسمبلی سے بھی پاس کرایا گیا - یہ کوئی اتنی emergency کی چیز نہیں تھی جو اس طریقے سے کی جائے - Purpose کچھ اور تھا کہ صدر صاحب نے جانا ہے اس لئے یہ تحفہ ساتھ لے جائے کہ ہماری پارلیمنٹ نے یہ چیز آپ کی خواہش کے مطابق pass کر دی ہے۔

جناب والا! ٹیکنالوجی کوئی static چیز نہیں ہے it is a dynamic process اور آپ اس کو جس طرح restrict کرتے ہیں تو it amounts to capping. جب یہ بات کرتے ہیں کہ آپ ٹیکنالوجی export نہیں کریں گے تو ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم import بھی نہیں کریں گے - How will weimprove یہ تو static چیز نہیں ہے روزانہ اس میں نئی نئی چیزیں آتی ہیں - آپ یہ کہیں گے کہ export نہیں کرنا تو ساتھ یہ بھی کہیں کہ ہم نے import بھی نہیں کرنا - یہ تمام چیزیں آپ نے یہاں import کر کے بنائی ہوئی ہیں - ویسے سب کچھ لیا ہوا ہے - پھر یہ مطلب ہے کہ ہمارا جو نیوکلیئر پروگرام ہے اس میں ہم کوئی بڑھوتری نہیں کر سکتے کوئی improvement نہیں کر سکتے۔ یہ اسی جگہ رہے گا جس طرح یہ ہے -

جناب والا! نیوکلیئر ٹیکنالوجی ایک علم ہے - علم کو suppress کرنا west کا بھی کام ہے، برہمن کا بھی کام ہے - برہمن نے شودر کو علم سیکھنے سے روکا ہے - اس کے کان میں وہ سیسہ ڈال دیتے تھے کہ وہ کچھ سن نہ سکے۔ اسی طرح West میں Greek Mythology میں Zeus Prometheus کو ابھی تک یہ سزا دے رہا ہے کہ اس نے human being کو

knowledge دی ۔ تو یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے، یہ ان کے background میں conscience میں یہ چیز پڑی ہوئی ہے کہ کسی اور کو سیکھنے کے لئے نہیں دیں گے ۔ یہ نئی چیز نہیں ہے ۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے سب سے پہلے کہ "اقراء"، پڑھو ۔ علم حاصل کرو، قوت حاصل کرو یہ تمام چیزیں اس سے contradictory ہیں۔ ایک اسلامی مملکت، چودہ کروڑ مسلمانوں کے صدر صاحب گئے تھے ان کے ملک میں تو ان کے اوپر غیر ملکیوں کا یہ تسلط ہے کہ علم حاصل نہیں کریں گے ، علم کسی کو سکھائیں گے نہیں ، تو یہ بالکل sovereignty کے خلاف ہے ۔ ہماری sovereignty کو گروی رکھا جا رہا ہے، اس کو ختم کیا جا رہا ہے ۔

جناب والا! کہا یہ جا رہا ہے اُمہ کا جو تصور ہے وہ بھی اس سے ختم ہو جاتا ہے ۔ اور کہا یہ جا رہا ہے کہ ہم سے مطالبہ ہے ۔ یہود و نصاریٰ کا یہ مطالبہ ہے کہ اسے Cap کرو ۔ وہ جو فیصلہ کرتے ہیں وہ اپنے ان بھی خواہوں کو سامنے رکھ کر نہیں کرتے they don't decide on the intention of the people, they decide on the potential of the country, آپ کا potential 14 کروڑ عوام ہیں، مسلمان ہیں، امت مسلمہ ہے، وہ اس لئے کوئی اچھائی کے کام نہیں کریں گے۔ جناب والا! یہی دلیل تھی جب غرناطہ میں فرڈیننڈ نے حملہ کیا تو ابو عبداللہ نے یہی کہا تھا کہ پہلے غرناطہ اور باقی مسلمانوں کو چھوڑ کر--- اس کے بعد جو حالت ہوئی خدانخواستہ ہماری بھی وہی حالت ہو گی۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ فوج میں یہ طریقہ ہے کہ فوج ہمیشہ کسی کے حکم کی منتظر ہوتی ہے، وہ خود فیصلہ نہیں کرتی، ایک فوج جو civilian supremacy کو deny کرتی ہے تو پھر باہر دیکھتی ہے کہ باہر سے کیا حکم آتا ہے اور وہ حکم ان کو ماننا پڑتا ہے۔ لیکن خوشامدیوں کے باوجود امریکہ نے یہ پسند نہیں کرنا کیونکہ ان کو پتا ہے کہ یہ کتنے popular ہیں، ان کی بات آتی ہے، وہ عوام میں کتنی اہمیت رکھتی ہے۔ جناب صدر نے جو referendum کیا تھا، وہ بات تمام لوگوں کو معلوم ہے اور آج یہ جو کچھ کر رہے ہیں، وہ بھی ان کو معلوم ہے اور اس واسطے اگر یہ Parliament کا یہ Bill بھی ساتھ لے جائیں، وہاں خوشامد کریں، وہ لوگ اس کو قبول نہیں کریں گے۔ وہ potential of the country کو دیکھ کر decide کرتے ہیں اور ان کو یہ پتا ہے کہ یہاں کے عوام ایسے نہیں سوچتے جیسے صدر صاحب کہہ رہے ہیں اور ان کے عوام کی جو خواہشات ہیں، عوام کا جو فیصلہ

ہے، اس کی روشنی میں وہ اپنا decision کریں گے۔ لہذا، اس sovereignty کو گروی رکھ کے---

جناب چیئرمین، شاہ صاحب! conclude کریں، کوئی نیا item بھی ہے، مختلف الفاظ میں وہی باتیں دہرائی جا رہی ہیں تو please, conclude کریں۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، تو پھر ایک آدمی تقریر کرے، باقی بیٹھ جائیں۔

جناب چیئرمین، وہی میری عرض ہے اگر کوئی نئی بات ہے۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، جناب! میں نے بات کی ہے ان کی intention کی۔ انہوں نے فیصلہ نہیں کرنا، یہ کتنی خوشامد کر لیں، انہوں نے عوام کے---

جناب چیئرمین، تو یہی بات کر کے آپ بیٹھ جائیں۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، یہی کرتا ہوں اور دوسری بات یہ ہے کہ sovereignty کو جو ہم گروی کرنے لگے ہیں، یہ بھی ٹھیک نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ،

تو جھکا جب غیر کے آگے     نہ تن تیرا نہ من تیرا

Mr. Chairman: I request the members to please not to repeat in different words because the time is valued. Mr. Adul Latif Ansary

سینیٹر سردار مہتاب احمد عباسی، جناب چیئرمین! اگر مجھے پہلے وقت دے دیں۔

جناب چیئرمین، دو، دو، تین، تین منٹ میں مہربانی کر کے کر لیں۔

سینیٹر عبداللطیف انصاری، جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا کہ میں اپنے چند خیالات کا اظہار کر سکوں۔ مجھ سے پیشتر جتنے بھی حضرات نے تقریریں کی ہیں، خاص طور پر رضا ربانی صاحب اور فاروق نائیک صاحب نے Bill پہ جو حقائق تھے جو legal position تھی، وہ انہوں نے واضح کی ہے اور اس کے بعد کافی دوستوں نے اس Bill کے پاس ہونے کے بعد، ملک کے سیاسی حالات کیا بنیں گے، اس Bill کے اثرات کیا بنیں گے، بیان کئے ہیں، میں اس سلسلے میں چند مختصر باتیں عرض کروں گا۔ چیئرمین صاحب! یہاں پر پاکستان میں جس روز ڈاکٹر قدیر خان کو TV پہ لایا گیا اور جس طریقے سے انکی تذلیل

کی گئی، اس کے بعد میں نہیں سمجھتا ہوں کہ اس Bill کو پیش کرنے کی کوئی ضرورت ہے۔ ہمارے ملک کے اندر یہ Bill کیوں لایا جا رہا ہے، کس لئے لایا جا رہا ہے؟ وہ تو میرے دوست بیان کر چکے ہیں کہ یہ حکومت کی ضرورت ہے، ہمارے President صاحب امریکہ جا رہے ہیں، ان کے ساتھ یہ Bill جائے۔ میں عرض کروں گا کہ یہاں پر اس ملک کے اندر nuclear technology لانے والے واحد ذوالفقار علی بھٹو شہید تھے جس نے اس ملک کو یہ طاقت بخشی لیکن اس وقت کسی نے نہیں کہا کہ وہ اس ملک کے ہیرو ہیں موجودہ President نے جب یہ بیان دیا کہ اس ملک کا صحیح hero بلکہ اس nuclear technology کے لئے ذوالفقار علی بھٹو ہیں لیکن dictators کی اپنی history ہوتی ہے، اپنی تاریخ ہوتی ہے، اپنے طریقے سے وہ حکومت کرتے ہیں۔ ضیاء الحق نے دس برس تک حکومت کی لیکن اس کے بعد انہوں نے اسی شہید کو، اسی ذوالفقار علی بھٹو کو تختہ دار پر اس لئے چڑھایا کیونکہ امریکہ نہیں چاہتا تھا کہ پاکستان nuclear technology کا حامل بنے۔ اس وقت امریکہ کو ضرورت تھی اور وہی اقدامات ضیاء الحق نے اٹھائے۔ ڈکٹیٹروں کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ایوب خان نے بھی اس ملک میں دس سال حکومت کی اور جب اس نے یہ کہا کہ "Friends Not Masters" اس کے بعد اس ڈکٹیٹر کی چھٹی ہوگئی۔ ضیاء الحق نے 85ء میں اسمبلی میں تقریر کی اور اس میں امریکہ کے خلاف بولے، ان کے President House تک پہنچنے سے پہلے TV پر اس کی تردید کی گئی۔ میں کہتا ہوں کہ ہمارے ملک میں ایسا مذاق نہ کیا جائے کہ جس سے ہمارے ملک کے لوگ پریشان ہوں۔ ملک میں سیاست تب ہی بہتر بن سکتی ہے جب ملک کے اندرونی حالات ٹھیک ہوں۔ اندرونی حالات ٹھیک نہ ہونے سے ہم foreign policy کو صحیح طور پر ترجیح نہیں دے سکتے۔ یہاں پر پانچ برس سے یہی کہا جا رہا ہے کہ ہم نے اندرونی حالات بہتر کر دیئے ہیں، ملک کا خزانہ بھر گیا ہے، آپ ملک کے لوگوں سے جا کر پوچھیں کہ وہ کیا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین، انصاری صاحب جو issue ہے اس پر بولیں، یہ تو آپ ایک general بات کر رہے ہیں، وقت کم ہے، آپ ایک منٹ میں ختم کریں تاکہ دوسروں کو بھی موقع دیں۔

سینیٹر عبداللطیف انصاری، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ حکمران کہتے ہیں کہ ملک کے لوگوں کی 96% strength ہمارے ساتھ ہے۔

جناب چیئرمین، جو Bill ہے اس پر بولیں۔

سینیٹر عبداللطیف انصاری، جناب Bill پر ہی تو بول رہا ہوں، یہی تو Bill ہے جو ہمیں امریکہ کو خوش کرنے کے لئے پاس کیا جا رہا ہے اور Americans کے اتحادی ہونے کی وجہ سے ہم bullet proof گاڑیاں لے رہے ہیں اور bullet proof گھر بنانے پڑیں گے Americans نے ہمارے ساتھ دھوکہ کیا ہے۔ہم پھر وہی دھوکہ کھانے جا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، مہربانی کر کے ایک منٹ میں ختم کریں۔

سینیٹر عبداللطیف انصاری، میں تو یہی کہتا ہوں کہ ایسا دھوکہ نہ کریں کہ جس سے ملک کے لوگ پریشان ہوں، ملک کے لوگوں کی تکالیف بڑھیں۔ آپ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم ملک کو خوش کرنے کے لئے کر رہے ہیں نہ کہ امریکہ کو خوش کرنے کے لئے کر رہے ہیں لیکن اس سے ملک کے لوگ خوش نہیں ہو رہے، ملک کے لوگوں سے جا کر پوچھیں کہ ان کی خوشی کس میں ہے۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیئے۔

سینیٹر عبداللطیف انصاری، ملک کے لوگوں کی خوشی روزگار میں ہے، ملک کی خوشی اس میں ہے کہ جو اس ملک میں جو مہنگائی اور بیروزگاری ہے اس کا خاتمہ کریں۔ آپ وہ Bill لائیں جس سے ملک کی ترقی ہو سکے۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیئے۔ جی مولانا راحت حسین۔

سینیٹر مولانا راحت حسین، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) شکریہ جناب چیئرمین۔ اس معزز ایوان میں جس Bill پر بحث ہو رہی ہے وہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اگر شریعت اور پارلیمنٹ کو سامنے رکھتے ہوئے اس Bill کو لائیں اور اس پر تفصیلی بحث کر کے لائیں یقینی بات ہے کہ پھر حکومت کے لئے بھی مشکل نہیں ہو گا اور ساری قوم اور ساری دنیا دیکھے گی۔

جناب چیئرمین، مولانا صاحب یہ بات پہلے ہو چکی ہے، کوئی اور بات ہے تو کریں۔

سینیٹر مولانا راحت حسین، میں تو پہلے موجود نہیں تھا۔

جناب چیئرمین، نہیں دوسرے تو موجود تھے وہ سن چکے ہیں۔

سینیٹر مولانا راحت حسین، اللہ رب العالمین کا ارشاد تو یہی ہے کہ آپ ایک اہم مسئلہ پر ایک دوسرے کے ساتھ مشاورت کریں اور آپ مشاورت کو by-pass کر کے اس Bill کو عجلت میں لائے۔ حالانکہ علم سیکھنا اور سکھانا یہ اللہ رب العالمین کے ارشادات ہیں اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین تبلیغ کا مجموعہ ہے اور ان کا انحصار بھی تبلیغ اور اشاعت پر ہے۔ مفسرین نے یہاں تک لکھا ہے کہ (عربی) اللہ نے فرمایا کہ میں نے لوہے کو نازل فرمایا اور اس میں باس شدید کو میں نے رکھا۔ اس میں مفسرین لکھتے ہیں اور محدثین نے اس کی تشریح کی ہے کہ آپ کسی غیر مسلم جارح قوت کو اسلحہ فروخت نہیں کر سکیں گے لیکن اگر مسلم امہ کو کوئی تکلیف ہو تو آپ اس کو علم اور فن سکھا سکتے ہیں اور اس کو منع کرنا یہ اصل میں علم کو منع کرنا ہے۔ اللہ رب العالمین نے تو یہاں تک فرمایا' یآ یھا لذین امنوا خذو حذ راکم' اے ایمان والوآپ اپنی احتیاط کو اپنے ساتھ رکھو اور اپنی احتیاط کے ساتھ چمٹے رہو اور آپ اپنے اسلحہ سے بھی غافل نہ رہو' اپنی عسکری قوت سے بھی غافل نہ رہو اور اللہ رب العالمین نے فرمایا کہ جتنی بھی آپ مطلوبہ قوت حاصل کر سکتے ہو آپ حاصل کریں۔

جناب والا! قوت دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک روحانی قوت جس کو آج کل دہشت گردی سے تعبیر کیا جا رہا ہے اور دوسری اسلحہ اور عسکری قوت جس کو ہم roll back کر رہے ہیں۔ اس پر ہم پابندی لگا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، بس ایک منٹ میں ختم کیجئے مہربانی کر کے۔

سینیٹر مولانا راحت حسین، تو میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہمارا یہ ملک جو کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کہلاتا ہے اس کی سینیٹ، قومی اسمبلی اور اس کی پارلیمنٹ نے اسلامی احکامات کو مدنظر رکھتے ہوئے حلف لیا ہے تو اس حلف کا پاس یہ ہے کہ اس کو مدنظر رکھ کر ہم اس ملک کے سارے system کو اسلامی اور قرآنی تعلیمات کو مدنظر رکھ کر بنائیں تو اس میں ہماری بھی خیر ہے اور ملک کی بھی خیر ہے اور ایسا نہ ہو کہ جارح قوت ہمارے پاؤں اور ہمارے ہاتھ باندھ

دے اور ہم پر حملہ آور ہو جائے اور ساری امت مسلمہ کا جو غم اور فکر ہے' آج دنیا میں جہاں کہیں بھی مسلم ہیں وہ ظلم کا شکار ہیں' جبر و استبداد کا شکار ہیں۔ میں اس کے ساتھ ہی اپنی بات کو ختم کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین، جی رخسانہ زبیری صاحبہ۔

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری، شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی اجازت سے اپنے وقت میں دو منٹ کی کٹوتی بھی کروں گی اور ساتھ آپ کی توجہ ایک important issue کی طرف بھی دلانا چاہتی ہوں۔ سب سے پہلے تو جناب میں آپ کی شکر گزار ہوں کہ مائی جندان کے سلسلہ میں آپ نے دلچسپی لی۔

جناب چیئرمین، میرے خیال میں اگر اسی سے relevant رہیں۔

Senator Engr. Rukhsana Zuberi: Sir, I will just use 50% of my allocated time

جناب! اس میں عرض یہ ہے کہ ابھی جو ہو رہا ہے کہ وہ DIG اس کو engage کر رہے ہیں لیکن یہ حل نہیں ہے۔ انہوں نے time gain کیا' ان کو time مل چکا ہے لیکن ایک high level Government decision ہے یا جو اس کی demands ہیں اس کے لیے آپ کو کچھ کرنا پڑے گا' that is one submission اور دوسری بات یہ ہے کہ National Assembly کے جو employees ہیں ان کو session کے دوران honorarium ملتا ہے اور وہ بہت prompt ہیں اس سلسلے میں اور جو ہمارے ہاں نہیں ہو رہا ہے تو یہ میں آپ کی توجہ میں لانا چاہتی تھی۔

So, something needs to be done, sir, for that a ruling is required so that they are given immediately. Now, sir, coming quickly on the subject,

میں آپ کی توجہ دلانا چاہتی ہوں on statement of objects and reasons. جہاں یہ state کیا گیا ہے کہ

as a responsible nuclear weapon state, Pakistan is cognisant of its

obligations to prevent proliferation of weapons of mass destruction and related technologies . The Bill is an important legislation . Pakistan already has in place , regulations on chemical weapons on consonance with our obligations under the chemical weapons convention , implementation of Ordinance, 2002,

اور جناب! جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ National Assembly اور Senate اس وقت suspend تھے تو اس وقت یہ Ordinance آیا 2000ء میں اور آج ہم 2004ء کے اختتام پر ہیں اور اس Ordinance میں ہم نے کیا چیزیں describe کی تھیں۔ Basically تو یہ جو United Nations کی طرف سے ہمیں شاید کوئی directive آئی تھی، اس کو ہم نے totally adopt کیا تھا جس میں national authority کو Ministry of Foreign Affairs اور

ensure effective operation, carry out تھے ، functions of the authority

obligations اور sir, clause 26 جو ہے وہ Central Statutes کی page 1342 پر، انہوں نے کہا ہے کہ

power to make rules , national authority may with approval of the Federal Government make rules for carrying out the purposes of this Ordinance and then, sir, Schedule 4 of Central Statutes

میں Clause 17 میں Technical Secretariat کی بات ہے کہ with the name, location and the detailed technical description. جناب! یہ جو ساری کی ساری چیزیں تھیں، یہ 1993ء میں پیرس Convention میں ہم نے sign کی تھیں، ان کا follow up یہ Ordinance آیا، اس Ordinance کے بعد چار سال گزر گئے ہیں۔ چار سال میں اب جو Bill present ہوا ہے اس پر یقیناً جو چیزیں بھی بنیں گی، یا rules آئیں گے، تو یہ سب پہلے سے تیار ہونا چاہیے تھا۔ ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ 2000ء میں جو implications تھیں کیا ان پر عمل ہوا ہے؟ کیا کوئی contract ہے؟ کیا کوئی Rules and Regulations بنے کیونکہ everything seems to be very very open and everything seems to be very

ابھی ابھی--- very vulnerable. Sir

Mr. Chairman: Only one minute left.

Senator Engr. Rukhsana Zuberi: Yes sir. I will do that. Sir, accordingto United Nations Security Council Resolution 1540, it is mandatory for each country to take measures to strengthen and control over sensitive material and technologies. Sir,

جب میں اس کنونشن کو پڑھ رہی تھی جو Ordinance 2000 میں سارا دیا ہوا ہے تو I was wondering کہ United Nation جہاں پر international matters ہوتے ہیں اس پر ہی ان کے directives آتے ہیں۔ کاش! ایسا ہوتا کہ جو chemicals ہم نے اپنے internal use کے لیے رکھے ہوتے ہیں اور جس طرح وہ explode کرتے ہیں، جس طرح وہ weapons of mass destruction عام لوگوں کے لیے بنتے ہیں، وہاں پر کوئی legislation نہیں ہے۔

ہم دیکھ رہے ہیں کہ legislation وہیں آ رہی ہے جہاں پر کہ ہمیں کوئی obligations fulfil کرنی ہیں international level پر کسی وجہ سے آپ کو یاد ہوگا، کئی دفعہ میں آپ کی توجہ دلا چکی ہوں کہ کتنی خواتین کے problems چل رہے ہیں۔ آج بھی آپ اخبار میں دیکھیں two women have been..... ایک کو acid ڈال کے مارا گیا۔

Mr. Chairman: It is not relevant to this issue. I think please be seated

ٹائم ختم ہو گیا۔

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری: جناب! میری آپ سے درخواست ہوگی کہ یہی legislation جو ہے یہ صرف جہاں پر obligation fulfil کر رہی ہے وہاں ہی نہ ہو۔ We have obligations to the people of Pakistan also and we need to look after that.

جناب چیئرمین، بس تشریف رکھیے۔ ڈاکٹر کوثر فردوس۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، جناب! میں پہلی بات تو یہ کہنا چاہتی ہوں کہ اس کو منظور کرنے کے بعد جو متوقع نتائج ہیں وہ ہمیں حاصل نہیں ہوں گے۔ میری نظر میں پہلا جو نقصان ہوگا وہ یہ ہوگا کہ پوری دنیا کے جتنے ممالک ہیں ان میں 53 مسلمان ممالک ہیں اور پوری آبادی میں سے ایک چوتھائی مسلمانوں کی آبادی ہے۔ صرف پاکستان کے پاس یہ ایٹمی ہتھیار ہیں۔ آج امت مسلمہ کو اس ایک قوت سے جو ان کے پاس ہے ہم خود نہتہ کرنے والے ہوں گے اور وہ زنجیریں جو ہمیں پہنائی نہیں گئیں ہم خود اپنے پیروں میں پہننے والے ہوں گے اور جیسے کہ یہ طے ہے اور یہ کہا گیا ہے' یہ on record ہے کہ یہ crusade ہے اور یہ ایک جنگ ہے جو شروع ہو چکی ہے اور اسلام اس کا حریف ہے تو اس scenario میں بھی ہمیں دیکھنا چاہیے کہ یہ جو پابندی ہم خود اپنے پر لاگو کرنے جا رہے ہیں اس کے کل نتائج کیا نکلیں گے۔ وقت ہمیشہ یہی نہیں رہتا' حالات بدلتے ہیں۔ ہمیں دور جا کے بھی دیکھنا چاہیے کہ اس کا نتیجہ کیا نکلے گا۔

دوسری بات یہ کہ ہمارا یہ خیال ہے کہ دنیا میں ہمیں بڑی عزت مل جائے گی۔ میرا خیال ہے کہ عزت کس فورم پر ہمیں ملے گی' اس کو بھی دیکھنا ہوتا ہے۔ وہاں پر ہمیں پہلے کتنی عزت ملی جتنے ہم نے اقدام کیے ہیں۔ اب اس کے کرنے سے کتنی اضافی عزت ہمیں مل جائے گی اور کتنی خوشنودی مل جائے گی' I doubt کہ اس میں کچھ فرق نہیں پڑے گا لیکن دوسرا فورم ہمارا اپنا ایک گھر کا بھی ہے' OIC کا بھی ہے' انسانیت کا بھی ہے۔ اس میں ہماری عزت' میں سمجھتی ہوں کہ پہلے سے کم ہو جائے گی۔

تیسری بات یہ کہ جو ہمیں یہ خیال ہے کہ امریکہ کی خوشنودی حاصل ہو جائے گی تو میرا خیال ہے کہ وہ بھی نہیں ہوگی۔ دلیل اس کی یہ ہے No.1 کہ ہم نے اس وقت قدیر خان صاحب سے معافی منگوائی' ہر طرح کی assurance دی' ہر طرح کی یقین دہانی کرائی۔ ہمارا اعتبار کیا ہی نہیں گیا۔ پھر اب ایک بل لا کے اپنا اعتبار بنانا پڑ رہا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہم نے جتنی ہمارے پاس طاقت تھی اس سے ہم نے سارے اقدام کیے۔ آج بھی surety نہیں ہے۔ ایک دن ہوتا ہے کہ خاتمہ ہو رہا ہے دوسرے دن ہوتا ہے کہ جی ابھی نہیں ہوا۔

مذہبی آزادیوں کی بابت امریکہ کی رپورٹ میں جو صورت حال بیان کی گئی یہاں پر
الات اس کے بالکل منافی ہیں۔ آزادیاں ہیں مگر جس کو سفید جھوٹ کہتے ہیں وہ بھی بولا گیا
ہے۔ تو ہم یہ کربھی لیں گے تو ہمیں وہ خوشنودی حاصل نہیں ہونی۔ میں سمجھتی ہوں کہ صدام
سین نے آخری کوشش کرلی تھی خوش کرنے کی۔ اگر وہ خوش نہیں کر سکا تو ایک اور فرد
نا خوش کر سکے گا۔ ہمیں اپنے ملک کے benefit میں فیصلے کرنے چاہئیں اور میرا خیال ہے
ہ اتنی جلد بازی میں کوئی اچھا فیصلہ بھی صحیح نہیں ہوتا۔ اس لئے میری درخواست ہے کہ اس
Bi کو فوری طور پر پاس نہ کیا جائے، اسے relevant committee کے پاس بھیجا جائے اور
کر مجبوری ہے تو جتنے بھی متعلقہ قانونی تقاضے ہیں، انہیں پورا کرکے پاس کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سردار مہتاب احمد عباسی، جناب صفدر علی عباسی۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب چیئرمین! شکریہ - میں اس Bill کو چار
aspec سے دیکھتا ہوں. No.1. Statement of Objects and Reasons اس کی دوسری
اس کے contents ہیں۔ تیسری چیز یہ ہے کہ کس procedure کے تحت اسے پاس کیا
با ہے اور اس کی چوتھی چیز یہ ہے کہ اس کی back ground کیا ہے؟ میں ان چاروں چیزوں
بارے میں تھوڑا time لوں گا۔

جناب والا! جہاں تک Statement of Objects and Reasons کا تعلق ہے، میں
تا ہوں کہ اس سے کسی کو کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا کہ

Pakistan as a nuclear responsible Stateis cognizant of its obligations
prevent proliferation of weapon of mass destruction and rel
technologies.

پر دو آراء نہیں ہو سکتیں - اس کے ساتھ ہی byadopting this Bill, Pakistan
would fulfill its International obligation and strengthen its credentials as
a responsible nuclear weapons s اب یہ achieve ہوتا ہے یا نہیں ہوتا ہے، اس
question ma ہے لیکن جہاں تک اس object کا تعلق ہے کہ پاکستان کو as a

responsible nuclear state اپنی transfer کو روکنا چاہیے' اس پر کسی کی دو آراء نہیں
ہوسکتیں لیکن بات یہ ہے کہ ہمیں یہ حکومت پچھلے ڈیڑھ سال کے تجربے سے بتا رہی ہے کہ
وہ ہر اچھے کام کو کرنے کے لئے اتنا بلوتے ہیں اور دودھ کو دہی اور دہی کو لسی بنانے میں
اتنا گند پھیلاتے ہیں کہ اس پر سب اطراف سے criticism ہوتا ہے۔یعنی صحیح طور پر کوئی کام
نہیں ہو پاتا۔ بات یہ ہے کہ جیسے فرحت اللہ بابر صاحب نے کہا کہ یہ convention ہے جسے
refer کر رہے ہیں' یہ United Nations Security Council Resolution 1540 ہے۔
April, 2004 میں پاس ہوا تھا۔ اب April,2004 سے لے کر اب تک ان کے پاس پانچ
بنتے ہیں، جس میں یہ بڑی آسانی سے اس سے زیادہ بہتر انداز میں' اس سے زیادہ اچھے انداز میں
پارلیمنٹ میں آسکتا تھا۔ یہ نیشنل اسمبلی سے پاس ہو سکتا تھا اور سینیٹ سے بھی پاس ہو سکتا تھا۔
اب حقیقت کیا ہے؟ اس Bill کے بارے میں حقیقت یہ ہے کہ یہ Bill نیشنل اسمبلی میں
پیش ہوتا ہے، نیشنل اسمبلی کا House اس Bill کو Standing Committee on Foreign
Affairs کو refer کرتا ہے۔ نیشنل اسمبلی میں کیا ہوتا ہے کہ بجائے اس کے کہ اس بات
انتظار کیا جائے کہ وہ Bill, Standing Committee on Foreign Affairs سے واپس
آئے --- میں سمجھتا ہوں کہ یہ پاکستان کی پارلیمانی تاریخ کا ایک انوکھا تجربہ ہے جو میں آپ کے
سامنے پیش کرنے جا رہا ہوں کہ یہ Bill کمیٹی کو بھیجا جاتا ہے لیکن اس کی report کا انتظار
کئے بغیر Bill پاس کر دیا جاتا ہے۔ اگر آپ نے Bill کو پاس کرنا تھا تو اسے کمیٹی کو کیوں
refer کیا تھا؟ اور جب refer کیا تھا؟ تو کم از کم اس کمیٹی کی report کا انتظار کر لیتے۔ یہ
گورنمنٹ یہ motion move کرتی ہے کہ اس provision کو suspend کریں۔ میں سمجھتا ہوں
کہ پاکستان کی parliamentary تاریخ کا بڑا انوکھا تجربہ ہے کہ ایگمیٹی کو move کئے ہوئے
Bill کی report کا انتظار کئے بغیر House کے rules کو suspend کیا جاتا ہے اور اس طرح
Bill bulldoze کیا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: اس ہاؤس کا تو اس سے تعلق نہیں ہے۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: میں عرض کرتا ہوں کہ میں تو haste کی بات کر رہا ہوں

میں گورنمنٹ کی policies کے حوالے سے بات کر رہا ہوں۔ میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ اس میں آپ کی کوئی غلطی ہے۔ میں تو گورنمنٹ کو یہ کہہ رہا ہوں۔ اب یہ Bill سینیٹ میں آیا ہے۔ اس Bill سے پہلے کم از کم چار Bills ان کے agenda پر ہیں۔ انہیں پاس کروانے کا انہیں بالکل شوق نہیں ہے۔ جس Bill کو پاس کروانے کا شوق ہے' اس کے بارے میں یہ بھی نہیں دیکھتے کہ آج چھٹی کا دن ہے کیونکہ Saturday کے دن سینیٹ کا meet کرنا ایک انوکھی سی بات ہے۔ ہو سکتا ہے کہ پہلے بھی ایسا ہوا ہو لیکن یہ بھی ایک انوکھی سی بات ہے کہ آج Saturday کو ہمیں یہاں بٹھا کر یہ کہا جا رہا ہے کہ جی! آج ہی یہ Bill پاس کرنا ہے اور ہمیں آپ اتنا موقع بھی نہیں دے رہے ہیں کہ ہم صحیح طرح سے اس کو پڑھ کر اس کے بارے میں آپ کو کوئی points پیش کر سکیں' اس کو پڑھ کر اچھے طریقے سے سیر حاصل بحث کر سکیں لیکن بات یہ ہے کہ اسے کرنا bulldoze ہی ہے۔ یعنی laudable objects کو برا بنانا کوئی اس حکومت سے سیکھے۔ آج Saturday ہے اور ہم اس دن یہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور ان کی خواہش یہ ہے کہ آج اس Bill کو پاس کیا جائے۔ جناب والا! اس کی وجہ کیا ہے؟ چونکہ ایک شخص کی طرف سے ایک بات ایک order کے طور پر آ گئی ہے۔ آپ نے اس order کو obey کرنا ہے اور ایک legislation کر کے دینی ہے' چاہے یہ اچھی ہو یا خراب ہو' آپ نے بنا دینی ہے تاکہ وہ UN Security Council میں جائیں اور پیش کریں اور امریکہ کو بتائیں کہ جی! میں نے آپ کے لیے یہ بل پاس کروا لیا۔ اس کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ جناب! یہ کام زیادہ بہتر انداز میں بھی ہو سکتا تھا اس بل کے contents کے بارے میں میرے دوستوں اور ساتھیوں نے بہت اچھے اور pertinent points بتائے ہیں اگر حکومت ان کو صحیح طریقے سے دیکھنا چاہتی اور اس بل میں بہتری لانے کا ان کا کوئی موڈ ہوتا تو سارے points جو یہاں سے آئے ہیں' ایک ایک point بڑا specific ہے اس قانون کو بہتر بنانے کے لیے۔ لیکن اس کو بھی انہوں نے نہیں دیکھا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ ایک چیز کر جاتے ہیں' اگر ایک چیز کرنی نہیں ہوتی تو کرتے کیوں ہیں؟ اور پھر جب وہ کرتے ہیں تو اس کے بعد اس کا response اتنا week ہوتا ہے' اتنا بھونڈا ہوتا ہے کہ ساری دنیا اس کے لیے آپ کو ملامت کرتی ہے۔ آپ نے پہلے ساری دنیا کو یہ بتایا ڈاکٹر قدیر خان کے episode میں' اس

episode کو اتنا mishandle کیا گیا ہے کہ آج تک آپ اس کی ساری دنیا کے اندر
explanation دیتے پھرتے ہیں۔ اس کے حوالے سے آج تک ہمیں یہ نہیں پتا اور یہ بل اس
episode سے related ہے۔ لیکن ہمیں آج تک نہیں پتا کہ اس episode میں کیا ہوا ہے۔
کس کا قصور تھا؟ کس پر FIR کٹی ہے؟ کس کو آپ نے چھوڑا ہے اور کس کو آپ نے ابھی
تک اندر رکھا ہوا ہے؟ آج تک گورنمنٹ آف پاکستان یہ explanation نہیں دے سکی۔ سر! بات
یہ ہے کہ آپ ایک چیز کرنے جا رہے ہیں ----

سینیٹر مسز گلشن سعید، جناب چیئرمین! آپ ان کی ہر بات سنے جا رہے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، سر! اس واقعے کی FIR کٹی ----

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب چیئرمین صاحب! آپ نے مجھے فلور دیا ہوا ہے
۔ آپ میرا فلور کاٹ دیں---

جناب چیئرمین، آپ ذرا مختصر کریں۔ آپ ذرا جلدی ختم کریں۔ دو منٹ میں ختم
کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! میری کوشش یہی ہے اگر مجھے چھوڑیں
میں ختم کروں---

جناب چیئرمین، چھوڑ دیں، ابھی دو منٹ انہیں دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! ان کا مائیک بند کریں تو میں آگے بات
کروں۔

سینیٹر مسز گلشن سعید، جناب! ایک چیز ہمارے ملک کے لیے ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! ان کو تقریر کا موقع دیں--

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے ان کو ختم کرنے دیں--

سینیٹر مسز گلشن سعید، نہیں، ختم کیا کرنے دیں۔ ان کو ہر روز کوئی نہ کوئی

چاہیے - یہ کہتے ہیں کہ گورنمنٹ نے آج تک بنایا نہیں کہ قدیر خان صاحب ----

جناب چیئرمین، بیگم صاحبہ! تشریف رکھیئے - انہوں نے جو کہا ہے، لیڈر آف دی ہاؤس اس کا جواب دے دیں گے- Wind up میں اس کا جواب دے دیں گے- یہی طریقہ ہے - یہ طریقہ ہوتا ہے - کل آپ کی طرف جواب جانا ہے---

سینیٹر مسز گلشن سعید، وہ صبح سے صلواتیں سنا رہے ہیں ---

جناب چیئرمین، تشریف رکھیئے- تشریف رکھیئے- لیڈر آف دی ہاؤس اپنی wind up تقریر میں جواب دے دیں گے-

سینیٹر مسز گلشن سعید، جب بھی کوئی بل آتا ہے یہ اس طرح کی باتیں کرتے ہیں- یہ کوئی بات تو نہیں ہے، relevant بات کیا کریں- بغیر وجہ کے ہم نہیں بولتے---

جناب چیئرمین، بیگم صاحبہ! تشریف رکھیئے- لیڈر آف دی ہاؤس اس کا جواب دیں گے-

سینیٹر مسز گلشن سعید، آپ ان کو اتنا تو کہہ سکتے ہیں کہ relevant بات کریں-

جناب چیئرمین، Relevant تو اپنا جو time ہے اسی میں کر رہے ہیں-

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! میں بالکل relevant ہوں--

جناب چیئرمین، مہربانی کرکے دو منٹ میں ختم کریں تا کہ repetition نہ ہو-

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میں نے کوئی irrelevant بات کی ہو تو آپ بالکل مجھے کہیں- میں بالکل relevant بات کر رہا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ وسیم صاحب نے خوامخواہ Treasury ممبرز کی زبان بندی کی ہوئی ہے، وہ بولنا چاہتے ہیں ان کو بولنے کا موقع دیں- جناب! آپ ان کو کہیں کہ سب کو بولنے کا موقع دیں- ----

جناب چیئرمین، آپ اپنی تقریر continue کریں-

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! وہ سارے ممبرز کو موقع دیں - ان کے ممبران ----

جناب چیئرمین، آپ دو منٹ میں ختم کریں۔آپ کے دو منٹ ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! ان کو موقع دیں وہ بولنا چاہتے ہیں۔ میں تو کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین، آپ کے پاس دومنٹ ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میں تو ان کے حق کے لیے لڑ رہا ہوں آپ ان کی کیوں زبان بندی کر رہے ہیں---

جناب چیئرمین، آپ دو منٹ میں ختم کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ ان کو بولنے کا موقع دیں۔ وہ بولنا چاہتی ہیں آپ ان کو موقع دیں--

جناب چیئرمین، دو منٹ میں ختم کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، اچھا جی،جناب! میں بالکل relevant ہوں ۔ بات یہ ہے کہ آپ کہتے ہیں کہ آپ نے اسے explanation دی ' آپ پر الزام لگا' یہ بل is indirect context of that وہ جو بھی episode ہوا' اس کے اندر پاکستان کے اوپر international pressure آئے ۔غلط یا صحیح، میں اس بحث میں نہیں جانا چاہتا۔ اس کے نتیجے میں آپ نے یہ ایک legislation بنا دیا ۔ یہ جو ہمارے سامنے لائے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ یہ گورنمنٹ آج تک یہ explanation نہیں کر سکی کہ وہ FIR کس کے نام کٹی؟ کون اس میں involve تھے؟ اگر کوئی involve تھا تو آپ نے اس کو کیا سزا دی اگر کوئی involve نہیں تھا تو اس میں آپ نے اس کو بری کیوں نہیں کیا؟ اس ملک کی جتنی بھی نیوکلیئر ٹیکنالوجی ہے' آپ export کی کیا بات کرتے ہیں' اور یہ قانون آپ عام آدمی کے لیے بنانے کے لیے جا رہے ہیں۔اس نیوکلیئر establishment کو سنبھالتا کون ہے؟ اس ملک کی فوج ' اس کے بارے میں آپ نے اس میں کیا ذکرکیا ہے؟ آپ army act میں کیا ترامیم لا رہے ہیں؟can you do that میرا ان سے سوال ہے؟ اگر کوئی Army personality involved ہے تو اس کے لئے یہ لوگ کیا ترامیم لے کر آ رہے ہیں؟ اس کو تو Army protect کرتی ہے ۔ تو سوال یہ بنتا ہے کہ آیا یہ

legislation at the end of the day political milage gain کرنے کے لئے ہے یا
اپنے اقتدار کو بڑھاوا دینے کے لئے ہے یا حقیقی معنوں میں nuclear export کو روکنے کے
لئے ہے ۔ اس حکومت سے میرے یہ سوالات ہیں ۔ مجھے امید ہے کہ وزیر خارجہ صاحب اس کا
کوئی نہ کوئی جواب دیں گے لیکن میں آخر میں صرف اتنا کہوں گا کہ please تھوڑا سا اپنے
رویے میں کچھ شائستگی پیدا کریں ۔ تھوڑا سا اپنے رویے کو پارلیمان کے حوالے سے دیکھیں ،ذاتی
طور پر سب شائستہ لوگ ہیں ،بہت اچھے لوگ ہیں including madam سب اچھے لوگ ہیں۔
لیکن سوال یہ ہے کہ اگر آپ نے پارلیمان کو چلانا ہے ، اگر آپ نے یہاں پر legislation
کرنی ہے ، اگر آپ نے یہاں پر issue discuss کرنے ہیں تو تھوڑی سی بہتری پیدا کرنے
کی کوشش کریں ۔اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کسی کا کچھ نہیں جائے گا ۔بڑی مہربانی ۔بہت
شکریہ ۔

جناب چیئرمین: وسیم صاحب آپ یا Minister Sahib بولیں گے ۔

Senator Wasim Sajjad: Sir, I will make a few observations on the legal aspect.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: رضا صاحب! آپ نے تو کہا تھا کہ آپ نہیں بولنا چاہتے ۔اگر اس طرح سب کو واپس بلانا شروع کیا تو مشکل ہو جائے گا ۔

سینیٹر وسیم سجاد: جب نام پکارا گیا تھا تو یہ نہیں بولے ۔ اب ان کا حق نہیں بنتا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: رضا صاحب! پھر مختصر رکھیں ۔ جی ۔

سینیٹر رضا محمد رضا: جناب چیئرمین! شکریہ ۔میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے
اس اہم موضوع پر بولنے کا موقع دیا ہے ۔ میں پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی اور پونم کی نمائندگی
اس Bill کے حوالے سے جناب رضا ربانی اور ثناء بلوچ کی رائے کی تائید کرتے ہوئے اس
میں صرف یہ اضافہ کروں گا کہ اس Bill کے statement of objects and reasons پر

مزید نہیں بولوں گا۔

جناب چیئرمین! میرے اعتراض کا اولین نکتہ یہ ہے کہ Bill بعد از وقت ہے۔ یہ غیر متعلق ہے، یہ Bill ایسے وقت پر پیش ہو رہا ہے کہ پلوں سے بہت سا پانی بہہ چکا ہے۔ جن مقاصد کے لئے ہم یہ Bill پیش کر رہے ہیں کہ خود کو دنیا کے سامنے ایک ذمہ دار ریاست ثابت کریں وہ مقاصد اس Bill سے پورے نہیں ہوسکتے۔ ہم پر وہ تمام الزامات لگ چکے ہیں جن سے اب ہم نکلنا چاہتے ہیں۔ ہمارے لوگ اس کاروبار میں رنگے ہاتھوں پکڑے گئے ہیں۔ افغانستان میں ہمارے تیرہ میں سے دس سائنسدانوں کی موجودگی ثابت ہے۔ فلور ملوں میں یہ کاروبار کرتے رہے۔ دنیا نے ہمارے خلاف warrant کاٹ لیا ہے۔ FIR درج ہو چکی ہے یہ تمام پالیسیاں

جناب چیئرمین! یہ جو ہم کہتے ہیں کہ ہم ایک responsible ریاست ہیں، اس ملک کی National Security کی ہم حفاظت کریں گے، اولین نکتہ اس میں یہ ہے کہ ایک ڈکٹیٹر کی موجودگی میں یہ ہو نہیں سکتا۔ نہ ملک کے عوام اعتبار کریں گے نہ دنیا اعتبار کرے گی۔ یہ ان جرنیلوں کی پالیسی تھی، نیوکلیر پالیسی، افغان پالیسی اور کشمیر پالیسی یہ تینوں کی تینوں ناکام ہو گئی ہیں۔ اب ہم ایک دہشت گرد ریاست کی حیثیت سے دنیا میں شہرت رکھتے ہیں۔ ایسا Bill ہمیں اس الزام سے، اس جرم سے نہیں بچا سکتا۔ ضروری یہ ہے کہ جیسا کہ ہمارے ساتھیوں نے کہا کہ اس ملک کی Parliament کی بالادستی ہو، اس ملک کی قوموں کے، عوام کے حق خوداختیاری کے مسائل طے ہوں۔ حق حاکمیت کے فیصلے ہوں، اس ملک کی عدلیہ، مقننہ اور انتظامیہ کے دائرہ اختیار مقرر ہوں۔ یہ طے کیا جائے کہ اس ملک میں حکمرانی کا حق کس کو ہو گا جہاں غربت اور جہالت کے مسائل ہیں۔ زرعی ملک ہوتے ہوئے ہم بھوک سے مر رہے ہیں۔ یہ ایسے مسائل ہیں

جناب چیئرمین! جن کا اصل سبب military آمریت ہے، فوجی آمریت ہے۔ اس فوجی آمریت کی وجہ سے آج ہم دنیا میں ایک غیر ذمہ دار nuclear state کے حوالے سے، جراثیمی اور کیمیائی اسلحہ کے کاروبار کے حوالے سے جانے جاتے ہیں۔ آج بھی ہمارے علاقوں میں کانگو وائرس ہے۔ یہ جو الزام ہے کہ بین الاقوامی دہشت گردوں کو ذربی بم دیا گیا ہے یہ ہمارے ان جنرلوں کی پالیسیوں کی وجہ سے ہے۔

جناب چیئرمین، ایک منٹ میں آپ ختم کریں۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب چیئرمین! اس کا خاتمہ ہم نے اس طریقے سے کرنا ہے کہ ہم نے جنرلوں کو اقتدار سے ہمیشہ کے لئے نکال باہر کرنا ہے۔ اب شوکت عزیز صاحب اس کو دائمی مارشل لاء یعنی وہ بنا رہے ہیں مہر تصدیق لگا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، اس بل پر آپ بات کریں۔

سینیٹر رضا محمد رضا، تو بل یہ ہے کہ ہم اقوام متحدہ جا رہے ہیں اور ساتھ یہ پلندہ لے کر جا رہے ہیں۔ یہ بعد از وقت ہے اس پر کوئی اعتبار نہیں کرے گا۔ اعتبار ایک ذمہ دار ملک پر کرے گا جو عوام کے حق میں ہوگا۔ Nuclear ہتھیار فوج کی موجودگی میں محفوظ ہاتھوں میں نہیں ہیں۔ انڈیا پر یہ الزام نہیں لگتا۔ کسی دوسرے ملک پر نہیں لگتا' اس لئے نہیں لگتا کہ وہ پارلیمنٹ کے سامنے جوابدہ ہیں۔ وہ اپنے عوام کے سامنے جوابدہ ہیں۔ جب عوام اعتبار کرتے ہیں تو ان پر دنیا اعتبار کرتی ہے۔ یہ خطرناک صورتحال ہے۔ فوجی آمریت سے ہمیں نجات ملنی چاہیے۔

جناب چیئرمین، رضا صاحب تشریف! رکھیے آپ کا وقت ہو گیا ہے۔

جناب خورشید محمود قصوری، شکریہ جناب۔ جناب والا! میں نے تمام معزز سینیٹر حضرات کی تقاریر غور سے سنی ہیں اور رضا ربانی صاحب' پروفیسر غفور صاحب' مولانا گل نصیب صاحب اور دیگر جو حضرات ہیں اور ان کا ایک جو common نقطہ نظر تھا میں پہلے اس کا جواب دینا چاہوں گا۔ سب سے پہلے یہ فرمایا کہ امریکہ کے پریشر کے تحت یہ قانون سازی کی جا رہی ہے اور اس کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ انہوں نے یہ بھی دریافت کیا کہ کیا دوسرے ممالک نے ایسی قانون سازی کی ہے۔

جناب والا! جہاں تک امریکہ کا تعلق ہے آپ دیکھ لیں ہم دو سال سے سیکورٹی کونسل کے ممبر ہیں' وہاں مختلف issues آئے۔ عراق کا issue آیا' پھر سوڈان کا آپ کے سامنے ہے۔ ابھی اس سے پہلے counter proliferation resolution تھا۔ جو counter proliferation resolution ہے اس کی طرف میں آؤں گا کیونکہ آج کی بحث اس سے relevant ہے۔ عراق کے

مسئلے پر امریکہ کا ایک واضح موقف تھا۔ ہم نے الحمد للہ کوئی ایسا کام نہیں کیا جو کہ قومی امنگوں کے خلاف ہو بلکہ اسی سینیٹ اور نیشنل اسمبلی میں ہم نے joint resolution پاس کرائے۔ امریکہ سے یا کسی اور سے dictation نہیں لی گئی۔ کیا آپلوگ dictation لے رہے تھے؟ ہم نے تو آپ سے مل کر، پروفیسر خورشید صاحب، رضا ربانی صاحب، سب سے مل کر ہم نے joint resolution پاس کرائے۔ عراق کے اوپر جو ہمارا موقف تھا وہ واضح تھا۔ امریکہ کی پالیسی اور تھی، حکومت پاکستان کی پالیسی اور تھی۔ پھر جو counter proliferation resolution پاس ہوا۔ آپ دنیا کے اخبارات پڑھ کر دیکھ لیں کہ ایک ملک تھا جو آخر وقت تک کھڑا رہا۔ ہم نے اس کو پاس نہیں ہونے دیا جب تک ہماری concern meet نہیں کی گئی۔ اس میں ایک retractivity تھی ہم نے کہا کہ retractivity جب تک clear نہیں ہوگی اور یہ کہا نہیں جائے کہ prospective ہے ہم اس counter proliferation resolution کو پاس نہیں ہونے دیں گے۔ آخر وقت تک منتیں سماجتیں کی گئیں۔ دنیا چاہ رہی تھی کہ یہ resolution unanimously پاس ہو۔ جناب والا! جب ہماری باتیں مانی گئیں تب ہم نے اس resolution پر دستخط کئے اور اس کے نتیجے میں فیصلہ کیا گیا کہ یہ ماضی کے بارے میں نہیں، مستقبل کے بارے میں ہے۔ کچھ معزز اراکین نے کہا کہ ڈاکٹر اے کیو خان وغیرہ اور دوسرے حضرات پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ نہیں، قطعاً نہیں ہوتا کیونکہ ماضی کے معاملات پر اس کا کوئی اطلاق نہیں ہے۔ کچھ معزز حضرات نے کہا کہ جناب! کیا جلدی ہے۔ جناب! آپ سوڈان کا مسئلہ دیکھ لیں، امریکہ کی جو بات ہو رہی ہے، ایک ان کی پوزیشن ہے اور پاکستان چین کی مختلف پوزیشن ہے۔ تو عراق ہو، counter proliferation resolution ہو، سوڈان ہو، پاکستان ایک واضح پوزیشن اختیار کرتا ہے۔ یہ کہا جناب! کہ آئی ایم ایف سے dictation لی جا رہی تھی۔ رضا ربانی صاحب نے فرمایا۔ جناب! آئی ایم ایف کے پروگرام سے ہی ہم باہر جا رہے ہیں۔ Dictation ہم نے خاک لینی ہے۔ پھر کہا گیا کہ یو ایس فلاں under secretary آیا یا کولن پاول آیا، انہوں نے کہا کہ قانون پاس کرو۔ جناب! ہم تو امریکہ کو کہتے ہیں کہ قانون پاس کرو۔ وہ ہمیں کیا کہیں گے۔ NPT کے اوپر ہم نے کہا اور بہت سے لوگوں نے کہا۔ جب ہم WTO میں جاتے ہیں تو ہم WTO میں third world کے ساتھ نہیں تھے، کئی چیزیں

ایسے کہتے ہیں دوسرے ممالک کو کہ آپ کریں ۔ تو کسی کے کہنے سے ہم پر کیا دباؤ آ گیا؟ تو جناب! اس کا کوئی دباؤ نہیں ۔ تو پہلی بات یہ ہے کہ امریکن پریشر کے بارے میں جو بات کی گئی، میں یہ واضح کرنا چاہتا تھا ۔ کئی ممالک کے بارے میں پوچھا گیاہے کہ کن کن ممالک نے ایسا قانون پاس کیا ۔ کیوں جلدی ہے ؟ جناب اس resolution 1540 میں ۲۸ اکتوبر ۲۰۰۴ء کی تاریخ دی گئی ہے جبکہ ممالک کو reports submit کرنی ہوں گی۔ پوچھا گیا کن ممالک نے قوانین پاس کئے ۔ ہندوستان ، اسرائیل ، امریکہ ، روس ، یو ۔کے ، جرمنی ، چائنا دنیا کے جس ملک کا آپ نام لے لیں انہوں نے ایسی legislation کی ہوئی ہے اور اسرائیل انڈیا کا خاص طور پر نام لیا گیا ۔ میں ممبران کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم نے کوئی ایسا کام نہیں کیا جو دیگر ممالک نے نہیں کیا۔ گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ۔

جناب والا ! دو ممبران نے یہ کہا کہ Foreign Ministry کا کیا role ہے ؟ جناب! جو legislation ہے اس میں بھی یہ ہے ، United Nations میں بھی اور ویسے بھی Foreign Ministry چاہے وہ معاملات Commerce کے ہوں ؛ اس کے ہوں it is the face of Pakistan outside Pakistan اور جو legislation ہے اس کو ہم ہی pilot کر رہے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ دوسری Ministries سے بات نہیں کی یا نہیں کی جا رہی ہے ۔ میں نے opening remarks میں یہ بات کی تھی کہ دو سال ہم نے inter ministerial بحث کی اور تمام جو مختلف محکمے ہیں اس سلسلے میں ان سے پوچھا گیا۔

جناب ! یہ بھی کہا گیا کہ ہمیں تو NPT کے تحت nuclear power recognize نہیں کیاگیا تو ہم کیوں sign کر رہے ہیں۔ میں بڑا حیران ہوا یہ دلیل سن کرکیونکہ NPT کے تحت تو ہیں ہی پانچ۔ نہ ہندوستان ہے نہ اسرائیل اور نہ پاکستان ہے ۔ چونکہ اس میں تو cut off date دی گئی ہے آپ جانتے ہیں۔ کوئی اور پاور NPT کی رو سے نیوکلیئر پاورنہیں مانی جاتی ۔ لیکن جناب! یہ ریکارڈ کی باتہے، وزیر خارجہ جو یہاں آئے ان میں فرانس کے تھے ، برطانیہ کے تھے ، امریکہ کے تھے ، سب کے سامنے اسلام آباد میں ، میں نے کہا we are a nuclear power and we will remain so and we will continue to make progress اور کئی Foreign Ministers نے اسلام آباد میں اس بات کو کہا ۔ European Union and

America inclusive انہوں نے کہا کہ ہاں یہ تو ایک reality ہے ۔ اور اس کے بعد جب
ہماری ہندوستان سے بات ہوئی nuclear CBMs کے سلسلے میں تو ہم نے کہا ournuclear
status is an element of stability in South Asia اور ساری دنیا نے اس کو
recognize کیا۔ ہم نے تو کوئی اس میں شرما شرمی کی بات نہیں کی ۔ لیکن جہاں تک NPT کا
تعلق ہے وہ تو NPT کا treaty یہ provide کرتا ہے کہ پانچ کے علاوہ ہو
کوئی نہیں سکتا ۔ پاکستان ' Sir,Pakistan is a declared nuclear power. Pakistan is a
responsible nuclear power. پھر جناب والا! کچھ ممبران نے control list کا ذکر کیا
تھا ۔ تو میں یہ عرض کرنا چاہوں گا control lists کے سلسلے میں مختلف Ministries اور
agencies جو concerned ہیں ان سے ہم بات چیت اور بحث کر رہے ہیں' scientific
organization, research institutions سب سے اس سلسلے میں بات چیت کی گئی ہے اور
lists بنا لی گئی ہیں ۔

جناب! یہاں یہ بھی کہا گیا جو legal aspects تھے کہ فلاں سیکشن میں یہ کیوں
نہیں اور فلاں میں کیوں نہیں ؛ تو چونکہ لیڈر آف دی ہاؤس نے winding up speech کرنی
ہے تو اس میں ضرور اس کا ذکر کریں گے ۔ میرے پاس ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ میں Leader
of the House پر چھوڑ دوں ۔ معذرت خواہ ہوں ۔ Leader of the House نے winding
up speech کرنی ہے، اس کے technical issues ہیں' میرے پاس جواب ہے لیکن وہ اس
کا جواب دیں گے ۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ United Nations General
Assembly کا session ہو رہا ہے ۔ اس میں مختلف committees ہیں including
committee on disarmament, ہم نہیں چاہتے ' ہمارے خلاف پہلے ہی کافی propaganda
ہو چکا ہے ۔ ہماری مخالف lobbies جو ہیں' میں کیا نام لوں آپ سب جانتے ہیں وہ ہمارے
خلاف propaganda کرنا چاہتے ہیں جبکہ ہماری ایسی کوئی نیت نہیں ۔ جناب ! ہم
responsible ہیں تو بالکل کھلا چھوڑ دیں ۔ یہ بات تو مجھے سمجھ نہیں آئی ۔ بڑی مشکل سے ایک
capability acquire کی ہے ۔ ہم اپنے اوپر خود ایک مصیبت لے آئے ۔ اور جناب! اس کا
فائدہ ہوگا جب یہ establish ہو جائے گا کہ ہم ایک responsible nuclear power ہیں تو

کئی dual use items ہیں جو کہ ہم آسانی سے import کرسکیں گے۔ اگر ہم یہ legislation pass ہی نہیں کرتے تو بہت سی ایسی دقتوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں۔

Mr. Chairman: Mr. Wasim Sajjad:

سینیٹر وسیم سجاد، جناب والا! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے آج نہایت فراخدلی سے Opposition کے اراکین کو اظہار خیال کا موقع دیا اور انہوں نے میرے خیال میں اس Bill پر سیر حاصل بحث کی اور کم از کم یہ الزام سینیٹ میں نہیں لگایا جا سکتا کہ اس Bill کو bulldoze کیا گیا ہے۔ یہاں پر میں نے یہ تاثر لیا ہے، میرے خیال میں بیشتر اراکین نے اس Bill کے جو مقاصد ہیں، ان کی حمایت کی ہے۔ کچھ اراکین نے اُس کے بارے میں، اس کے motives کے بارے میں یہ کہا کہ امریکہ کو خوش کرنے کے لئے یہ Bill لایا جا رہا ہے اور اس کے بارے میں بات کی ہے جس کا تفصیل سے جواب ہمارے وزیر خارجہ نے دے دیا ہے۔ دو، چار technical چیزیں تھیں کیونکہ وہ انگریزی میں ہیں تو میں انگریزی میں جناب سے گزارش کروں گا کہ

No. 1, Mr. Raza Rabbani had asked whether this Bill is going to be prospective or retrospective, the answer is prospective because this is an offence being created and under normal principles and also under the Constitution retrospective offence is not created. No. 2, whether it is applied to the Armed Forces of Pakistan, yes, it does apply to all people in the service of Pakistan, under Article-260 of the Constitution, persons serving in the Armed Forces of Pakistan are also covered under the service of Pakistan. No. 3, some points raised by my honourable Senator Mr. Farooque Naik that there is no obstante clause, obstante clause means that a notwithstanding clause saying thatthis will override other

laws; it is not necessary sir, because this is a special law, and he himself conceded and any special law, always overrides a general law. Then he said that the procedure has not been laid down, yes sir, the procedure has not been laid down because the Criminal Procedure Code will govern all proceedings under this law and normally Criminal Procedure Code applies unless it is excluded so, Criminal Procedure Code will apply. Sir, these are some of the general objections. The other typographical errors, clerical errors will be corrected by the Senate Secretariat. One thing, I would like to clarify that "The Court of Session" was being correctly used, I made a mistake also, the word is "Court of Sessions" not Session, we say it Session Judge but the Court is Court of Sessions, it has been correctly mentioned. Thank you sir.

Mr. Chairman: We move now that, the Bill to vote.

سینیٹر وسیم سجاد، جی ہاں، پہلے وہ Motion move کر دیں۔

Mr. Chairman: It has been moved...

(مداخلت)

Mr. Chairman: Amendments

آپ کی تو بعد میں آئی تھیں، already discussion شروع ہو چکی تھی۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، میں نے کل Secretariat میں جمع کرائی ہیں، میرے پاس ان کی رسید موجود ہے۔

جناب چیئرمین، جن amendments کی بات کرتے ہیں، وہ تو discussion شروع ہو چکی تھی، وہ بعد میں آئی تھیں۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، میں نے کل جمع کرائی تھیں۔

جناب چیئرمین، کل table ہو چکا تھا ناں۔

It has been moved "That the Bill to provide for export control on goods, technologies, material and equipment related to nuclear and biological weapons and their delivery systems [The Export Control on Goods, Technologies, Materialand Equipment related to Nuclear and Biological Weapons and their Delivery Systems Bill, 2004], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** We may now take up clause by clause consideration of the Bill. Claus-2, the question is that Clause-2 forms part of the Bill.

*(The motion was carried)*

جناب چیئرمین، جی۔

All clauses 3 to 11 form part of the Bill, the question is that all clauses 3 to 11 form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** We may now come to Clause-1, Preamble and Title of the Bill. The question is that the Clause-1, Preamble and Title do stand part of theBill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** Any other business

ان کو سن لیں پھر اس کے بعد بول لیں۔

**Mr. Khurshid Mahmud Kasuri:** Sir, I beg to move that the

10 Bill to provide for [Export Control on Goods, Technologies, Material and Equipment related to Nuclear and Biological Weapons and their Delivery Systems] be passed.

Mr. Chairman: It has been moved that the Bill to provide for [Export Control on Goods, Technologies, Material and Equipment related to Nuclear and Biological Weapons and their Delivery Systems Bill, 2004] be passed.

*(The motion was carried.)*

جناب چیئرمین، جی صفدر صاحب! آپ کا کوئی point تھا۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! میرے خیال میں اس serious procedure میں کچھ problem ہے کہ یہ پروفیسر غفور صاحب کی amendments تھیں، اگر انہوں نے کل notice دیا ہے تو آج آنی چاہیئے تھیں۔

جناب چیئرمین، کچھ permission کی بات تھی، میں ان کے ساتھ بیٹھ کر دیکھ لیتا ہوں but in any case, I think voting کے حساب سے اسے کرنا ہے-----

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، نہیں، نہیں جناب۔ دیکھیں ایک بندے کا right ہے۔

جناب چیئرمین، وہ already table ہو چکا تھا۔

سینیٹر وسیم سجاد، جناب! میری گزارش یہ ہو گی کہ اس ہاؤس کو Tuesday شام 6 بجے تک adjourn کر دیں۔

Mr. Chairman: Any other business to be taken up. O.k. The House is adjourned to meet again on Tuesday, the 21st September, 2004 at 6.00 p.m. and it will be a Private Members Day in lieu of the Monday.

سبحان ربک رب العزت عما یصفو والسلام علیٰ المرسلین والحمد للہ رب العالمین۔

---

*[The House was then ad journed to meet aga 6 O'clock on Tuesday, 21st September, 20*

---